
سورۂ بقرہ

مشکلات کا حل



فہرست

ابتدائیہ

اللہ تعالیٰ کے پیارے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے قرآن مجید کی سورۂ بقرہ کی بے پناہ فضیلت و فوائد بیان فرمائے ہیں اس کو پڑھنے اور سننے سے بے شمار روحانی اور جسمانی اور دیگر دینی و دنیاوی فوائد حاصل ہوتے ہیں یہ سورۂ مبارکہ اپنی فضیلت کے اعتبار سے ایک عظیم الشان حیثیت کی حامل ہے۔ اس کی تلاوت کرنے سے اللہ تعالیٰ کی رضا ورحمت حاصل ہوتی ہیں پروردگار عالم اپنا فضل و کرم نازل فرماتا ہے شیطان کے شر سے بچاتا ہے اپنی حفظ و امان میں رکھتا ہے روزانہ تلاوت کرنے سے گھر کی نحوستیں اور کثافتیں دور ہو جاتی ہیں اور گھر میں نورِ الٰہی کی روشنی پھیل جاتی ہے۔ اولیاء کرام سورۂ بقرہ کی فضیلت کے ضمن میں فرماتے ہیں کہ اس کی روزانہ تلاوت کرنے سے حافظہ مضبوط ہو جاتا ہے معرفتِ الٰہی حاصل ہوتی ہے قلب میں علم کا نُور پیدا ہو جاتا ہے اور قوتِ ادراک بھی بڑھ جاتی ہے۔

حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں سورۂ بقرہ سیکھو اور اس کا لینا برکت ہے اور اس کا چھوڑنا حسرت ہے جادوگر اس کی طاقت نہیں رکھتے۔ پھر کچھ دیر خاموش رہنے کر

بعد ارشاد فرمایا کہ سورۂ بقرہ اور سورۂ آلِ عمران سیکھو۔ یہ دونوں نورانی سورتیں ہیں اپنے پڑھنے والوں پر سائبان یا بادل یا پرندوں کے جھنڈ کی طرح قیامت کے دن سایہ کریں گی، قرآن پڑھنے والا جب قبر سے اُٹھے گا تو دیکھے گا کہ ایک نوجوان چہرے والا شخص اس کے پاس کھڑا ہوا کہتا ہے کہ کیا آپ مجھے پہچانتے ہیں؟ یہ کہے گا نہیں تو وہ جواب دے گا کہ میں قرآن ہوں جس نے دنوں کو تجھے بھوکا پیاسا رکھا تھا اور راتوں کو بستر سے دور بیدار رکھا تھا۔ ہر تاجر اپنی تجارت کے پیچھے ہے لیکن آج سب تجارتیں تیرے پیچھے ہیں۔ اب اسے ملک داہنے ہاتھ میں دیا جائے گا اور ہمیشگی بائیں ہاتھ میں اس کے سر پر وقار و عزت کا تاج رکھا جائے گا۔ اس کے ماں باپ کو دو ایسے عمدہ قیمتی حلے پہنائے جائیں گے کہ ساری دنیا بھی اس کی قیمت کے سامنے ہیچ ہو، وہ حیران ہو کر کہیں گے کہ آخر اس رحم و کرم کی اس انعام و اکرام کی کیا وجہ ہے؟ تو انہیں جواب دیا جائے گا کہ تمہارے بچے کی قرآن خوانی کی وجہ سے تم پر یہ نعمت انعام کی گئی۔ پھر اسے کہا جائے گا پڑھتا جا اور جنت کے درجے چڑھتا جا۔ چنانچہ وہ پڑھتا جائے گا اور درجے چڑھتا جائے گا، خواہ ترتیل سے پڑھے یا خواہ بے ترتیل کے۔

(ابن ماجہ)

سورۂ بقرہ کے پڑھنے کی برکت و فوائد کے بارے میں آتا ہے

کہ ایک شخص نے اپنی نماز میں سورۂ بقرہ اور سورہ آلِ عمران پڑھی اس کے فارغ ہونے کے بعد حضرت کعب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا، اللہ کی قسم! جس کے ہاتھ میں میری جان ہے ان میں اللہ کا وہ نام ہے کہ اس نام کے ساتھ جب کبھی اسے پکارا جائے وہ قبول فرماتا ہے۔ اب اس شخص نے حضرت کعب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے عرض کی کہ مجھے بتایئے کہ وہ نام کونسا ہے؟ حضرت کعب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اس سے انکار کیا اور فرمایا اگر میں بتادوں تو خوف ہے کہ کہیں تو اس نام کی برکت سے ایسی دُعا نہ مانگ لے جو میری اور تیری ہلاکت کا باعث بن جائے۔

حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ تمہارے بھائی کو خواب میں دکھلایا گیا کہ گویا لوگ ایک بُلند و بالا پہاڑ پر چڑھ رہے ہیں پہاڑ کی چوٹی پر دو سرسبز درخت ہیں اور ان میں سے آوازیں آرہی ہیں کہ کیا تم میں سے کوئی سورۂ بقرہ کا پڑھنے والا ہے؟ کیا تم میں کوئی سورۂ آلِ عمران کا پڑھنے والا ہے؟ جب کوئی کہتا ہے کہ ہاں تو وہ دونوں درخت اپنے پھلوں سمیت اس کی طرف جھک آتے ہیں اور یہ اس کی شاخوں پر بیٹھ جاتا ہے اور وہ اسے اوپر لے لیتے ہیں۔

حضرت اُم درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک قرآن پڑھے ہوئے شخص نے اپنے ہمسایہ کو مار ڈالا پھر قصاص میں وہ بھی مارا گیا،

پس قرآن مجید ایک ایک سورۃ ہو ہو کر الگ ہونا شروع ہوا یہاں تک کہ اس کے پاس سورۂ بقرہ اور سورۂ آل عمران رہ گئیں۔ ایک جمعہ کے بعد سورۂ آل عمران بھی چلی گئی۔ پھر ایک جمعہ اور گزرا تو آواز آئی کہ میری باتیں بدلا نہیں کرتیں اور میں اپنے بندوں پر ظلم نہیں کرتا، چنانچہ یہ مبارک سورۃ یعنی سورۃ بقرہ بھی اس سے الگ ہوگئی۔

مطلب یہ ہے کہ یہ دونوں سورتیں اس کی طرف سے بلاؤں اور عذابوں کی آڑ بنی رہیں اور اس کی قبر میں اس کی دلجوئی کرتی رہیں اور سب سے آخر بوجہ اس کے گناہوں کی زیادتی کے ان کی سفارش بھی نہ چلی۔ حضرت ابن اسود جرشی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ ان دونوں سورتوں کو دن میں پڑھنے والا دن بھر نفاق سے بَری رہتا ہے اور رات کو پڑھنے والا ساری رات نفاق سے بَری رہتا ہے۔

مسند احمد میں ہے، قرآن پڑھا کرو یہ اپنے پڑھنے والوں کی قیامت کے دن شفاعت کرے گا۔ دو نورانی سورتوں بقرہ اور آل عمران کو پڑھتے رہا کرو۔ یہ دونوں قیامت کے دن اس طرح آئیں گی کہ گویا دو سائبان ہیں یا دو ابر ہیں یا پَر کھولے پرندوں کی دو جماعتیں ہیں، اپنے پڑھنے والوں کی طرف سے رب تعالیٰ سے سفارش کریں گی، پھر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ سورۂ بقرہ پڑھا کرو، اس کا لینا برکت ہے اور چھوڑنا حسرت ہے اس کی طاقت باطل والوں کو نہیں۔

سورۂ بقرہ ساری کی ساری مدینہ طیبہ میں نازل ہوئی ہے اور ابتدا میں جو سورتیں نازل ہوئیں ان میں سے ایک یہ بھی ہے حضرت خالد بن معدان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سورۂ بقرہ کو فسطاط القرآن یعنی قرآن کا خیمہ کہا کرتے تھے، بعض علمائے کرام فرماتے ہیں کہ سورۂ بقرہ میں ایک ہزار خبریں ہیں اور ایک ہزار حکم ہیں اور ایک ہزار کاموں سے ممانعت ہے۔ اس کی دو سو ستاسی آیات ہیں اور چھ ہزار دو سو اکیس کلمات ہیں۔

ابن مردویہ میں ہے کہ جب حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے اصحاب میں کچھ سستی دیکھی تو ان کو یا اصحاب سورۃ البقرہ کہہ کر پکارا۔ غالباً یہ حنین والے دن کا ذکر ہے کہ جب لشکر کے قدم اکھڑ گئے تھے تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے حکم سے حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اے درخت والو یعنی اے بیعت الرضوان کرنے والو اور اے سورۂ بقرہ والو کہہ کر پکارا تھا تاکہ انہیں خوشی اور دلیری پیدا ہو، چنانچہ اس آواز کے ساتھ ہی صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم ہر طرف سے دوڑ پڑے، پھر جب مسیلمہ کذاب نے نبوت کا جھوٹا دعویٰ کیا تھا۔ اس کے ساتھ لڑنے کے وقت بھی جب قدم ڈگمگا گئے تو صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے اسی طرح لوگوں کو یا اصحاب سورۃ البقرہ یعنی اے سورۂ بقرہ والو! کہہ کر پکارا اور اس آواز پر سب کے سب جمع ہو گئے اور جم کر لڑے یہاں تک کہ ان مرتدوں پر

اللہ تعالیٰ نے اپنے لشکر کو فتح دی۔

اس بات میں کوئی شک نہیں کہ قرآن مجید کی تمام سورتیں اپنے اندر خواص واثرات رکھتی ہیں قرآن مجید پڑھنا اور سننا باعث برکت اور ثواب کے حصول کا باعث ہے۔ سورۂ بقرہ کی تلاوت اور اس سے استفادہ نہ صرف روحانی فوائد کے حصول کا سبب ہے بلکہ اس سورۂ بقرہ کی آیات مبارکہ بہت سے امراض مثلاً آنکھوں کی سوزش، مرگی، شوگر، استسقاء، پیٹ درد، وبائی امراض، چیچک سحر و آسیب، خونی بواسیر، بلغمی امراض، بچھو، سانپ اور دیگر بے شمار زہریلے جانوروں کی ایذا رسانی وغیرہ سے حفاظت کے لیے ایک ڈھال کا کام کرتی ہیں۔ سورۂ بقرہ کی تلاوت سے ہر طرح کی مشکلات آسان ہو جاتی ہیں، دلی حاجات پوری ہوتی ہیں ہر طرح کی آفات وبلیات سے حفاظت رہتی ہے۔

سورۂ بقرہ کی آیات مبارکہ سے بے شمار لوگوں نے استفادہ حاصل کیا ہے، اپنی مشکلات و پریشانیوں کا خاتمہ سورۂ بقرہ کی تلاوت سے کیا ہے۔ سورۂ بقرہ سے مشکلات کے حل کے ضمن میں کتاب ہذا کو ترتیب دیتے ہوئے اس بات کو خصوصی طور پر مدنظر رکھا گیا ہے کہ قرآن پاک کی اس مبارک سورۃ کی برکت کے طفیل جن آیات مبارکہ کے حوالے سے جس کسی کو جس طرح کا فائدہ ہوا ہے اور آیات مبارکہ نے اپنے خواص واثرات کی بناء پر جس کسی کی مشکل کے حل کے ضمن میں


وسیلے کا کام کیا ہے اُن کو عامتہ الناس کے فائدے اور استفادے کی غرض سے شامل کتاب کر دیا جائے۔ اس سلسلے میں سینہ بسینہ بزرگانِ دین سے سورۂ بقرہ کی آیات مبارکہ کے جو خواص واثرات معلوم ہوئے اُن کو کتاب ہذا کی زینت بنا دیا گیا علاوہ ازیں اس کتاب کی تیاری میں قدیم کُتب سے بھی مدد لی گئی جو کہ مستند اور جید علماء کرام کی ترتیب سے مزین ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ سورۂ بقرہ کی فضیلت واہمیت کے پیش نظر کتاب ہذا کی تیاری و ترتیب کے سلسلہ میں پروردگار عالم کی مدد اور خصوصی فضل وکرم میرے شامل حال رہا ورنہ میرے لیے اس کتاب کو ترتیب دینا ممکن نہ تھا۔

اللہ تعالیٰ سے دُعا گو ہوں کہ وہ اپنے حبیب پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے طفیل اور سورۂ بقرہ کی برکت کے صدقے ہم سب کی مشکلات آسان فرمائے اور ہمیں قرآن حکیم پڑھنے، سمجھنے اور اس پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ مَیں اُمید کرتا ہوں کہ قارئین کتاب ہذا سے استفادہ حاصل کرتے ہوئے میرے حق میں بھی دُعا فرمائیں گے۔ میری اللہ تعالیٰ سے یہ دعا ہے کہ وہ میری اس کاوش کو اپنے دربار عالی میں قبولیت کی سند عطا فرمائے۔

محمد الیاس عادل

سورۃ البقرہ کی فضیلت


سورۃ البقرہ کی فضیلت کے ضمن میں بے شمار احادیث مبارکہ اور روایات میں مروی ہے۔ سورۂ بقرہ کے خواص و برکات کا بیان احادیث مبارکہ میں مفصل طور پر وارد ہوا ہے۔ چنانچہ ذیل میں ان کا بیان اس نیت اور ارادے سے کیا جاتا ہے کہ ہر خاص و عام سورۂ بقرہ کے فوائد و خواص سے آگاہ ہو کر مستفید ہو سکے۔ حضرت معقل بن یسار رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ سورۂ بقرہ قرآن کی کوہان ہے اور اس کی بلندی ہے۔ مسند امام احمد



حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جو شخص سورۂ بقرہ کی پہلی چار آیات مبارکہ اور آیت الکرسی اور اس کے بعد کی دو آیات اور سب سے آخر کی تین آیات مبارکہ یہ جملہ دس آیات مبارکہ رات کے وقت پڑھ لے تو اس گھر میں شیطان اس رات نہیں جا سکتا اور اسے اس کے گھر والوں کو اس دن شیطان یا کوئی اور بُری چیز ستا نہیں سکتی۔ یہ آیات مبارکہ مجنون پر پڑھی جائیں تو


اس کا دیوانہ پن بھی دُور ہو جاتا ہے۔ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں کہ جس طرح ہر چیز کی بُلندی ہوتی ہے قرآن کی بلندی سورۂ بقرہ ہے۔ جو شخص رات کے وقت اسے اپنے گھر میں پڑھ لے تو شیطان تین دن تک اس گھر میں قدم نہیں رکھ سکتا۔

(طبرانی۔ ابن حبان۔ ابن مردویہ)



حضرت اُسید بن حُضیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک مرتبہ رات کے وقت سورۂ بقرہ کی تلاوت کرنا شروع کی۔ ان کا گھوڑا جو ان کے پاس ہی بندھا ہوا تھا اس نے اُچھلنا کودنا بدکنا شروع کر دیا۔ آپ نے قرأت چھوڑ دی گھوڑا بھی سیدھا ہو گیا آپ نے پھر پڑھنا شروع کیا گھوڑے نے پھر بدکنا شروع کر دیا تو گھوڑا بھی ٹھیک ٹھاک ہو گیا۔ تیسری مرتبہ بھی یہی ہوا۔ چونکہ ان کے صاحبزادے یحییٰ گھوڑے کے پاس ہی لیٹے ہوئے تھے اس لیے ڈر معلوم ہوا کہ کہیں بچے کو چوٹ نہ آجائے چنانچہ قرآن پڑھنا بند کر کے اسے اٹھا لیا۔ اس کے بعد نظریں اٹھا کر آسمان کی طرف دیکھا تو انہیں ایک نورانی سائبان نظر آیا جس میں نور ہی کی مشعلیں روشن تھیں انہوں نے بغور دیکھا تو یہ نورانی منظر غائب ہو گیا۔ صبح کو انہوں نے حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت اقدس

میں سارا ماجرا بیان کیا اور کہا کہ حضور! تیسری مرتبہ کے بعد تو بجلی
کی وجہ سے میں نے پڑھنا بالکل بند کر دیا اب جو نگاہ اُٹھی تو کیا
دیکھتا ہوں کہ ایک نورانی چیز سایہ دار ابر کی طرح ہے اور اس
میں چراغوں کی طرح کی روشنی ہے بس میرے دیکھتے ہی دیکھتے
وہ اوپر کو اٹھ گئی۔ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا،
جانتے ہو یہ کیا چیز تھی؟ یہ فرشتے تھے جو تمہاری آواز کو سُن کر
قریب آ گئے تھے اگر تم پڑھنا موقوف نہ کرتے تو وہ صبح تک یونہی
رہتے اور ہر شخص انہیں دیکھ لیتا کسی سے نہ چُھپتے۔ اس (سورۂ بقرہ)
کی ایک ایک آیت کے ساتھ اسی اسی فرشتے نازل ہوتے تھے اور
بالخصوص آیۃ الکرسی تو خاص عرش تلے سے نازل ہوئی۔ پھر فرمایا،
اگر تم چاہتے ہو کہ تمہارے گھر میں فرشتوں کا نزول ہو تو سورۂ بقرہ
کی تلاوت کیا کرو۔ (صحیح بخاری و صحیح مسلم)




ایک مرتبہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ایک چھوٹا سا
لشکر ایک جگہ پر بھیجا اور اس کی سرداری آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
نے انہیں دی جنہوں نے فرمایا تھا کہ مجھے سورۂ بقرہ یاد ہے۔
اس پر ایک شریف شخص نے کہا کہ میں بھی اسے یاد کر لیتا ہوں لیکن
مجھے ڈر لگا کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ میں اس پر عمل نہ کر سکوں۔ (اس پر)

حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا، قرآن سیکھو، قرآن کو پڑھو جو شخص
اسے سیکھتا ہے پڑھتا ہے پھر اس پر عمل بھی کرتا ہے اس کی مثال ایسی ہے جیسے
مشک بھرا ہوا برتن جس کی خوشبو ہر طرف مہک رہی ہے۔ اسے سیکھے ہوئے سو
جانے والے کی مثال اس برتن کی سی ہے جس میں مشک تو بھری ہوئی ہے
لیکن اوپر سے مُنہ بند کر دیا گیا۔ (ترمذی، نسائی، ابن ماجہ)



ایک حدیث پاک میں آتا ہے کہ ہر چیز کی ایک بلندی ہوتی ہے اور
قرآن پاک کی بلندی سورۂ بقرہ ہے اس سورۃ میں ایک آیت ہے جو تمام
آیتوں کی سردار ہے اور وہ آیۃ الکرسی ہے۔ (ترمذی)




حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جبرائیل علیہ السلام
حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت اقدس میں حاضر تھے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ
والسلام نے آسمان کا دروازہ کھلنے کی آواز سُنی۔ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے
سر مبارک اٹھایا اور فرمایا، "آسمان کا یہ دروازہ آج سے پہلے کبھی نہیں کُھلا" اس
سے ایک فرشتہ نازل ہوا تو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، یہ فرشتہ بھی
آج سے پہلے کبھی نازل نہیں ہوا" اس فرشتے نے سلام عرض کرنے کے بعد کہا،
آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ان دو نُوروں کی بشارت ہو جو آپ سے پہلے کسی نبی کو
نہیں دیئے گئے۔ ایک فاتحۃ الکتاب (سورۂ فاتحہ) اور دوسرے سورۂ بقرہ
کی آخری آیات۔ اس میں سے جو بھی حرف پڑھیں گے

اسی سے آپ کو نوازا جائے گا۔ یعنی یہ سب دُعائیں جو ان آیاتِ مبارکہ میں ہیں قبول کی جائیں گی (مسلم شریف)



حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے آسمان وزمین کی پیدائش سے دو ہزار برس پہلے ایک کتاب لکھی، اس میں دو آیتیں اُتاریں جن پر سورۃ البقرہ کا اختتام کیا۔ یہ دو آیتیں جس گھر میں تین دن پڑھی جائیں شیطان اس گھر کے قریب بھی نہیں آسکتا۔ (ترمذی۔ دارمی)




حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد ہے کہ سورۂ بقرہ مجھے بطورِ خاص لوحِ محفوظ سے عطا ہوئی ہے اور یہ سورۃ جس گھر میں پڑھی جاتی ہے وہاں سے شیطان بھاگ جاتا ہے۔
(نسائی شریف)



حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جس گھر


میں سورۂ بقرہ پڑھی جائے اس گھر سے شیطان گوز مارتا ہوا بھاگ جاتا ہے۔ (مسند دارمی)



ایک حدیث پاک میں آتا ہے کہ اپنے گھروں کو قبریں نہ بناؤ جس گھر میں سورۂ بقرہ پڑھی جائے وہاں شیطان داخل نہیں ہوسکتا۔
(مسند احمد، صحیح مسلم، ترمذی، نسائی)




ایک حدیث پاک میں ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ میں تم سے کسی کو ایسا نہ پاؤں کہ وہ پیر پہ پیر چڑھائے پڑھتا چلا جائے لیکن سورۂ بقرہ نہ پڑھے، سنو جس گھر میں یہ مبارک سورت پڑھی جاتی ہے وہاں سے شیطان بھاگ کھڑا ہوتا ہے سب گھروں میں بدترین اور ذلیل ترین گھر وہ ہے جس میں کتاب اللہ کی تلاوت نہ کی جائے۔ (ابن مردویہ)




ایک صحابی روایت فرماتے ہیں کہ مدینہ طیبہ میں ایک دن صبح کے وقت محلہ انصار کے لوگ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی

خدمتِ اقدس میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ یارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم! آج رات کو محلے میں ایک عجیب واقعہ پیش آیا گزشتہ رات ہم نے دیکھا رات کو حضرت ثابت بن قیس بن شماس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا گھر نور کا بقعہ بنا رہا۔ اور چمکدار روشن چراغوں سے جگمگاتا رہا۔ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یہ سن کر ارشاد فرمایا کہ شاید انہوں نے رات کو گھر میں سورۂ بقرہ پڑھی ہوگی۔ تحقیق کرنے پر معلوم ہوا کہ یہ بات درست تھی اور انہوں نے عشاء کے بعد سورۂ بقرہ کی تلاوت کی تھی۔




ایک روایت میں آتا ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ ایک مرتبہ حضرت جبرائیل علیہ السلام تشریف لائے اور انہوں نے فرمایا کہ سورۂ بقرہ وہ سورت ہے جس کو دو ہزار سال پہلے اللہ تعالیٰ نے اپنے دست مبارک سے اپنی شایانِ شان تحریر فرمایا، لہٰذا اسے خود بھی یاد کرو اور اپنے اہل خانہ کو بھی یاد کراؤ۔




حصن حصین میں آتا ہے کہ سورۂ بقرہ پڑھنے سے گھر میں رحمت کے فرشتے اُترتے ہیں جو شخص اس کی ابتدائی چار آیات کو اول رات

میں پڑھے گا اس کے گھر میں اس رات کو شیطان داخل نہیں ہو سکے گا اور نہ ہی اسے کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش آئے گا۔ فرمایا کہ اگر یہی آیات مبارکہ کسی دیوانے پر پڑھ کر دم کر دیا جائے تو اُس کی دیوانگی رفع ہو جائے۔ فرمایا کہ جادوگر اس بات کی طاقت نہیں رکھتے کہ سورۂ بقرہ یاد کر سکیں۔ فرمایا گیا ہے کہ اگر کوئی شخص ایک دن سورۂ بقرہ پوری تلاوت کرے تو تین دن تک شیطان اس کے گھر میں داخل نہیں ہوتا۔




ایک حدیث پاک میں آتا ہے کہ قرآن اور قرآن پڑھنے والوں کو قیامت کے دن بلوایا جائے گا۔ آگے آگے سورۂ بقرہ اور سورہ آل عمران ہوں گی بادل کی طرح یا سائے اور سائبان کی طرح یا پَر کھولے پرندوں کے جھرمٹ کی طرح یہ دونوں پروردگار سے ڈٹ کر سفارش کریں گی۔ (مسند احمد)




چونکہ سورۂ بقرہ کی فضیلت واہمیت سے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم خوب اچھی طرح آگاہ تھے اس لیے مُسلم شریف میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت ہے کہ جس کو سورۂ بقرہ یاد ہوتی تھی

اس کی بہت عزت ہوتی تھی اور سب صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم
اس کا احترام کرتے تھے۔



سورۂ بقرہ کی فضیلت کے ضمن میں آتا ہے کہ حضرت عمر فاروق
رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس سورۂ کو اڑھائی برس میں یاد کیا اور پھر اس
خوشی میں ایک اونٹ ذبح کر کے اپنے دوستوں کی دعوت کی جبکہ حضرت
عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سورۂ بقرہ کی ایک ایک آیت
مبارکہ کو یاد بھی کیا اور اس کا مطلب بھی سمجھا یہاں تک کہ انہوں
نے آٹھ برس کی مدت میں پوری سورۃ کا علم حاصل کیا۔



سورۂ بقرہ کی زکوٰۃ کا طریقہ

جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ وہ سورۂ بقرہ کا عامل ہو جائے
تو اُسے چاہیئے کہ وہ سورۂ بقرہ کی زکوٰۃ اس طریق پر ادا کرے کہ
پرہیزِ جلالی کے ساتھ چالیس یوم تک الف، لام، میم نہایت توجہ و
یکسوئی کے ساتھ باوضو حالت میں ۵۰۳۱ مرتبہ پڑھے چالیس یوم
میں زکوٰۃ ادا ہو جائے گی اور زکوٰۃ کی ادائیگی کرنے والا انشاء اللہ
تعالیٰ سورۂ بقرہ کا عامل بن جائے گا مگر چاہیے کہ سورۂ بقرہ کی
زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد ہر ماہ عروج ماہ کی کسی بھی جمعرات کو ایک
مرتبہ سورہ بقرہ کی تلاوت ضرور کرے اس کے علاوہ ہر روز بلاناغہ
سورۂ بقرہ کا پہلا رکوع، آیۃ الکرسی اور سورۂ بقرہ کی آخری تین
آیاتِ مبارکہ پابندی کے ساتھ پڑھنے کا معمول بنائے تاکہ زکوٰۃ
کے اثرات قائم رہیں اور عامل سورۂ بقرہ کی برکات سے فوائدِ عظیمہ
حاصل کر سکے۔ سورۂ بقرہ کا عامل ہونے کا ایک فائدہ یہ بھی ہے
کہ اس کا عامل اگر کسی بھی آسیب زدہ مکان میں صرف ایک مرتبہ بھی
سورۂ بقرہ کی تلاوت کر لے تو وہاں سے بفضل باری تعالیٰ آسیب و
جنات بھاگ جاتے ہیں اور آسیب کا اثر ختم ہو جاتا ہے۔

ضروری ہدایات

کتاب ہذا سے استفادہ حاصل کرنے کے لیے ضروری ہے کہ ذیل میں دی ہوئی چیدہ چیدہ ضروری ہدایات پر عمل کیا جائے تاکہ قرآن مجید کی آیات مبارکہ کے خواص واثرات سے کماحقہ طور پر فائدہ اٹھایا جاسکے۔

۱۔ کتاب ہذا میں دیئے گئے تمام اعمال ووظائف ونقوش کے لیے کسی خاص شخص سے اجازت حاصل کرنا ضروری نہیں ان کو کرنے کی عام اجازت ہے قرآن پاک سے استفادہ حاصل کرنا ہر مسلمان مرد وعورت کیلئے باعث برکت ہے۔

۲۔ جس وقت کوئی عمل کرے، وظیفہ پڑھے یا نقش لکھے اُس وقت چاہیے کہ وسواس شیطانی اور لایعنی خیالات کو اپنے دل سے دور کرے اور جس کام کے لیے عمل کر رہا ہے شروع سے آخر تک اس کا خیال رکھے توجہ ویکسوئی نہایت ضروری ہے قرآن مجید کی آیات مبارکہ کی تلاوت حضوریٔ قلب سے ہونی چاہیئے اگر توجہ ویکسوئی نہ ہو تو وہ اثر پیدا نہیں ہوتا جس نتیجہ کا وہ خواہاں ہوتا ہے تاہم پڑھنے کا کچھ نہ کچھ ثواب مل ہی جاتا ہے۔ وظیفہ، دُعا اور عمل وعزیمت جب ان کی قبولیت سے کوئی مراد

خاص مرکوز خاطر ہو تو توجہ ویکسوئی کے بغیر بیکار ہیں ایک حدیث پاک میں آتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ایسی دُعا قبول نہیں کرتا جو غافل اور غیر متوجہ دل سے کی جائے۔

۳۔ چاہیے کہ حلال کا لقمہ کھائے رزقِ حرام سے مکمل طور پر پرہیز کرے۔

۴۔ جھوٹ اور دھوکہ دہی سے احتراز کرے اس لیے کہ ایسی بُری عادت روحانی قوت کے حصول میں مانع ہے۔

۵۔ نماز پنجگانہ کی پابندی کرے دیگر فرائض وواجبات کی ادائیگی میں سُستی نہ کرے صوم وصلوٰۃ کی پابندی نہایت ضروری ہے۔

۶۔ اپنے آپ کو پاک وصاف رکھے طہارتِ جسمانی کا خصوصی خیال رکھے پاکیزہ لباس پہنے۔

۷۔ غیر شرعی افعال وحرکات سے اجتناب کرے۔

۸۔ فسق وفجور سے پرہیز کرنا نہایت ضروری ہے ورنہ اس کی محنت اکارت جائے گی۔

۹۔ کوئی بھی عمل کسی غلط کام کے لیے نہ کیا جائے اس لیے کہ اللہ تعالیٰ کسی غلط کام کو کبھی بھی پسند نہیں کرتا۔ کسی کو نقصان پہنچانے کی غرض سے بھی کوئی عمل نہ کرے۔

۱۰۔ اپنا عقیدہ صحیح رکھے کسی بھی عمل کو کرتے ہوئے یقین کامل اور مکمل اعتقاد رکھے۔

۱۱۔ اگر کسی عمل یا وظیفہ کا نتیجہ حسبِ منشا نہ نکلے تو مایوس و بدگمان نہ ہو اس کو اللہ تعالیٰ کی حکمت سمجھے اور اس میں بھی اپنی بہتری خیال کرے اس لیے کہ حدیث پاک میں آتا ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ،

"جب کوئی مسلمان اللہ تعالیٰ سے کچھ مانگنے کی غرض سے اللہ تعالیٰ کی طرف منہ اُٹھاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کا سوال ضرور پورا کر دیتا ہے یا تو اس کی مراد پوری ہو جاتی ہے یا اللہ تعالیٰ اس کی مانگی ہوئی چیز کو آخرت کے لیے جمع فرما دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن ایک بندۂ مومن کو اپنی بارگاہِ اقدس میں طلب فرمائے گا اور اس کو اپنے سامنے کھڑا کر کے پوچھے گا، اے میرے بندے! میں نے تجھے دُعا کرنے کا حکم دیا تھا اور یہ وعدہ کیا تھا کہ میں تیری دُعا کو قبول کروں گا تو کیا تُو نے دُعا مانگی تھی؟ وہ کہے گا اے باری تعالیٰ! مانگی تھی۔ پھر اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائے گا تُو نے مجھ سے جو بھی دُعا مانگی تھی وہ میں نے قبول کی، کیا تُو نے فلاں دن یہ دعا نہ کی تھی کہ میں تیرا وہ رنج وغم دور کر دوں جس میں تو مبتلا تھا اور میں نے تجھے اس رنج وغم دُور کر دوں جس میں تُو مبتلا تھا اور میں نے تجھے اس رنج وغم سے نجات عطا کی تھی، بندہ کہے گا، اے ربِ ذوالجلال! بالکل سچ ہے، پھر باری تعالیٰ فرمائے گا، وہ دُعا تو میں نے قبول کر کے دنیا میں ہی تیری آرزو پُوری کر دی تھی اور فلاں دن تُو نے پھر

دوسرے غم میں مبتلا ہونے پر دعا کی تھی کہ اے اللہ! اس مصیبت سے خلاصی عطا فرما، مگر تُو نے اس رنج وغم سے نجات نہ پائی اور برابر اس میں مبتلا رہا تھا۔ بندہ کہے گا بے شک اے ربِ ذوالجلال۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائے گا، میں نے اس دُعا کے بدلے میں تیرے لیے جنت میں طرح طرح کی نعمتیں جمع کر رکھی ہیں، اسی طرح (اللہ تعالیٰ) دوسری حاجات کے بارے میں بھی دریافت کر کے یہی فرمائے گا۔

پھر حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا،

"بندۂ مومن کی کوئی دُعا ایسی نہ ہوگی جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ یہ بیان نہ فرما دے کہ میں نے یہ دنیا میں قبول کی اور یہ تمہاری آخرت کے لیے جمع کر کے رکھی۔ اُس وقت بندۂ مومن سوچے گا کہ کاش میری کوئی دُعا بھی دُنیا میں قبول نہ ہوتی، اس لیے بندے کو ہر حال میں دُعا مانگتے رہنا چاہیے۔" (مستدرک حاکم)

سورۂ بقرہ سے مشکلات کا حل

سورۂ بقرہ کی آیات مبارکہ ہر طرح کی مشکلات و پریشانیوں کو ختم کرنے کے لیے نہایت سریع الاثر خواص کی حامل ہیں۔ اس کو پڑھنے سے تسخیر خلائق ہوتی ہے، کشف کی صلاحیت پیدا ہوتی ہے معرفت حاصل ہوتی ہے۔ آسیب و جنات کے اثرات کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ میاں بیوی کی خفگی دُور ہو جاتی ہے۔ بے شمار جسمانی و روحانی امراض سے شفا حاصل ہوتی ہے قوتِ حافظہ میں زیادتی ہوتی ہے، دشمن کی زبان بندی ہو جاتی ہے، سفر میں جان و مال کی حفاظت رہتی ہے۔ سحر جادو کا اثر زائل ہو جاتا ہے۔ حسبِ منشا منصب کے حصول کے لیے اس کی آیات مبارکہ بہترین وسیلہ ہیں۔ علاوہ ازیں ہر طرح جائز حاجت روائی کے لیے سورۂ بقرہ عظیم الشان خواص و اثرات کی حامل سورۃ ہے چنانچہ اگلے صفحات میں سورۂ بقرہ کے خواص و اثرات کے حوالے سے مشکلات و پریشانیوں کا حل پیش کیا گیا ہے۔ روحانی و جسمانی بیماریوں سے نجات کے لیے سورۂ بقرہ کی آیات مبارکہ سے استفادے کو صفحات کی زینت بنایا گیا ہے۔

آنکھوں کی سوزش دُور ہو

جس کسی کی آنکھوں میں سوزش ہو جس کی وجہ سے آنکھوں میں جلن اور تکلیف محسوس ہوتی ہو تو اسے چاہیے کہ وہ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ سورۂ بقرہ کی تلاوت کرے جس قدر بھی پڑھ سکتا ہو پڑھے پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے بفضلِ باری تعالیٰ چند دنوں میں ہی آنکھوں کی سوزش رفع ہو جائے گی پروردگار عالم آنکھوں کی تکلیف کو دور کر کے شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا اگر روزانہ بلاناغہ سورۂ بقرہ پڑھنے کا معمول بنالے تو انشاء اللہ تعالیٰ کبھی آنکھوں کی تکلیف نہ ہو۔

میاں بیوی کی ناراضی ختم ہو

اگر میاں اور بیوی آپس میں سخت ناراض ہوں دونوں کی ناراضی کے باعث گھر کا سکون برباد ہو گیا ہو دونوں میں سے کوئی بھی ہار ماننے کے لیے تیار نہ ہوتا ہو تو اس گھر کے کسی فرد کو یا ان دونوں کے کسی ہمدرد عزیز کو چاہیئے کہ وہ روزانہ بلاناغہ چالیس یوم تک سورۂ بقرہ کی تلاوت کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے انشاءاللہ تعالیٰ چالیس یوم کے اندر اندر دونوں اپنی خفگی ایک دوسرے کے ساتھ دور کر دیں گے اور ہنسی خوشی زندگی گزاریں گے اگر خاوند یا

بیوی میں سے کوئی ایک یہ چاہے کہ ناراضی دُور ہو جائے تو دونوں میں سے ایک بھی روزانہ سورۂ بقرہ پڑھے اور بارگاہِ الٰہی میں نیک مقصد کے لیے دُعا مانگے تو پھر بھی بفضلِ باری تعالیٰ چند دنوں میں ہی سورۂ بقرہ کی برکت کے طفیل دونوں میاں بیوی کے مابین ناچاقی و خفگی دُور ہو جائے گی۔

قوتِ حافظہ میں زیادتی

اگر کسی کی قوتِ حافظہ بہت زیادہ کمزور ہو کوئی بھی بات زیادہ دیر تک یاد نہ رہتی ہو تو چاہیے کہ باوضو حالت میں سُرخ روشنائی سے سورۂ بقرہ ایک کاغذ پر لکھے پھر ایک کلوگرام سرسوں کا خالص تیل لیکر اس میں یہ لکھا ہوا کاغذ ڈال کر ڈبو دیں اس کے بعد روزانہ بلاناغہ اس تیل میں سے تھوڑا سا تیل لے کر رات کے وقت سر میں خوب اچھی طرح سے مالش کریں ایک سو بیس یوم تک مسلسل یہ عمل کریں اس دوران کبھی کبھی یہ تیل کھانے میں بھی استعمال کریں یعنی گھر میں جو سالن پکایا جائے اُس میں یہ تیل ڈال لیا جائے اِنشاء اللہ تعالیٰ قوتِ حافظہ میں بے پناہ اضافہ ہو جائے گا قوتِ حافظہ اس قدر مضبوط ہو جائے گی کہ جو بھی سنے گا پڑھے گا تا دیر تک یاد رہے گا اس مقصد کے لیے یہ عمل نہایت مجرب و آزمودہ ہے۔

پیٹ درد کا علاج

پیٹ میں شدید درد ہونے کی صورت میں چاہیے کہ سورۂ بقرہ کے پہلے تین رکوع پڑھ کر مریض پر دم کیا جائے یا اگر مریض خود پڑھ سکے تو بہت بہتر ہے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد پیٹ کا درد رفع ہو جائے گا۔ اس کے علاوہ اگر کسی کو اکثر و بیشتر پیٹ درد کی شکایت لاحق رہتی ہو اور کسی بھی طرح سے افاقہ نہ ہوتا ہو تو چاہیے کہ باوضو حالت میں سورۂ بقرہ پڑھنے کے بعد پانی کی ایک بوتل پر دم کر کے مریض کو دیا جائے مریض اس میں سے روزانہ تھوڑا تھوڑا پانی پی لیا کرے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور سورۂ بقرہ کی برکت کے طفیل پیٹ درد میں آرام آجائے گا۔

حاکم مہربان ہو جائے

جو کوئی حاکم وقت کی توجہ حاصل کرنے کا خواہاں ہو اور چاہتا ہو کہ حاکم وقت اس کے ساتھ خوش اخلاقی اور خصوصی توجہ کے ساتھ پیش آئے تو اُسے چاہیے کہ وہ حاکم کے پاس جانے سے قبل سورۂ بقرہ کی تلاوت نہایت شوق و محبت سے کرے تلاوت کے بعد اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصد میں کامیابی کے لیے دُعا مانگے جب حاکم کے پاس جائے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ حاکم مہربانی سے پیش آئے گا اس کے

ساتھ خصوصی عنایت کرے گا اس کا جو بھی جائز کام ہو گا ضرور کرے گا یا وہ جس بھی خواہش کے ساتھ حاکم وقت سے ملنا چاہتا ہے وہ خواہش پوری ہو گی۔

زمین پر ناجائز قبضہ ختم کرانا

اگر کسی ظالم شخص نے کسی کی زمین یا مکان پر ناجائز قبضہ کر لیا ہو اور کسی بھی طرح وہ اس قبضہ کو چھوڑنے کے لیے تیار نہ ہوتا ہو قبضہ گروپ اسی طرح لوگوں کی زمینوں پر قبضہ کر کے ان کو جائیداد سے محروم کر دیتے ہیں جبکہ شریف لوگ اُن کے ڈر سے اُن کا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکتے ایسی صورتحال میں جو کوئی یہ چاہے کہ اس کی زمین واگذار ہو جائے تو اسے چاہیئے کہ نماز ظہر کی ادائیگی کے بعد گیارہ سو مرتبہ سورہ بقرہ کی یہ آیت مبارکہ پڑھے۔

أَعُوذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ ۔ وَلَنْ يَّتَمَنَّوْهُ
أَبَدًا بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ وَاللهُ عَلِيمٌ بِالظّٰلِمِينَ

(سورۂ بقرہ آیت ۹۵)

سات یوم تک بلا ناغہ ظہر کی نماز کے بعد یہ عمل کرے پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ دُعا قبول ہو گی ظالم کے ناحق قبضہ سے زمین واگذار ہو جائے گی بفضل باری تعالیٰ سات یوم کے مسلسل عمل سے مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو گی۔

ہذیانی کیفیت دُور ہو

جو کوئی بلڈ پریشر یا کسی دماغی خرابی کی وجہ سے واہی تباہی بکتا رہتا ہو کبھی کبھار شدید غصے میں کسی کو بھی خاطر میں نہ لاتا ہو تو چاہیے کہ سورۂ بقرہ کی ذیل میں دی ہوئی آیت مبارکہ باوضو حالت میں سات مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کیا جائے مریض کی حالت نارمل ہو جائے گی اس کی ہذیانی کیفیت ختم ہو جائے گی، اگر سورۂ بقرہ پڑھ کر پہلے سے پانی پر دم کر کے رکھ لی جائے اور بوقت ضرورت مریض کو یہ پانی پلایا جائے تو مریض کو فوری طور پر افاقہ ہو گا نہایت مجرب و آزمودہ ہے۔

سورۂ بقرہ کی آیتہ مبارکہ یہ ہے۔

لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللهُ بِاللَّغْوِ فِيٓ أَيْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ
يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا كَسَبَتْ قُلُوبُكُمْ ط وَاللهُ غَفُورٌ
حَلِيمٌ ۝

مراق وسودا کا علاج

اگر کوئی مراق وسودا کے مرض میں مبتلا ہو تو مرض سے نجات حاصل کرنے کی غرض سے چاہیئے کہ سورۂ بقرہ کے تیسرے پارہ کے آخری رکوع

لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ سے اَنْتَ
مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ تک

ایک مرتبہ پڑھ کر سرسوں کے تیل پر دم کریں یہ دم کیا ہوا تیل مریض کے سر پر خوب اچھی طرح مالش کریں علاوہ ازیں مالش کے ساتھ ساتھ باوضو حالت میں آیۃ الکرسی کو سات سات مرتبہ پڑھ کر صبح وشام پانی پر دم کر کے مریض کو پلاتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض کو افاقہ ہوگا پروردگار عالم سورۂ بقرہ کی برکت کے طفیل مریض کو شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا۔

ناک کی بواسیر

ناک کی بواسیر کے عارضہ سے خلاصی حاصل کرنے کے لیے چاہیے کہ سورۂ بقرہ کے پہلے پارہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ باوضو حالت میں اکیس مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کیا جائے،

هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ لَکُمْ مَّا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا ثُمَّ
اسْتَوٰٓی اِلَی السَّمَآءِ فَسَوّٰهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ ؕ

اکیس یوم تک بلاناغہ روزانہ یہ عمل کیا جائے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے شفائے کاملہ نصیب ہوگی ناک کی بواسیر کا خاتمہ ہو جائے گا اور تکلیف رفع ہو جائے گی۔

دانتوں میں کیڑا لگنا

اگر کسی کے دانتوں میں کیڑا لگ گیا ہو جس کی وجہ سے دانتوں میں بہت شدید درد ہوتی ہو تو اس میں فوری آرام کی غرض سے سورۂ بقرہ سے استفادہ کرنا بہت ہی مفید ہے اس مقصد کے لیے چاہیے کہ باوضو حالت میں ایک سفید کاغذ یا کپڑے کے ٹکڑے پر سورۂ بقرہ کے دوسرے پارہ کی یہ آیۃ مبارکہ

لِلَّذِیْنَ یُؤْلُوْنَ مِنْ نِّسَآئِهِمْ تَرَبُّصُ اَرْبَعَةِ
اَشْهُرٍ ۚ فَاِنْ فَآءُوْ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝

لکھے اور لکھنے کے بعد جس دانت میں کیڑا لگا ہے اس کے نیچے رکھ کر دانتوں کو دبائے تھوڑی دیر تک اسی طرح رکھے پھر کاغذ باہر نکال دے انشاء اللہ تعالیٰ دانت درد کی شکایت رفع ہو جائے گی اور دانتوں کے کیڑے سے بھی نجات مل جائے گی پہلے ہی دن افاقہ ہو گی تین یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے بفضل باری تعالیٰ مکمل طور پر شفائے کاملہ نصیب ہو گی۔

لقوہ کا علاج

اگر کوئی لقوہ کے مرض کا شکار ہو مرض میں کسی بھی طرح افاقہ نہ ہوتا ہو تو چاہیے کہ باوضو حالت میں سورۂ بقرہ کے دوسرے

پارہ کی یہ آیتہ مُبارکہ ایک سفید کاغذ پر لکھیں۔

قَدْ نَرٰی تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِی السَّمَآءِ فَلَنُوَلِّیَنَّكَ
قِبْلَةً تَرْضٰهَا فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ۔

لکھنے کے بعد تعویذ کی طرح مریض کے گلے میں ڈال دیں اس کے علاوہ اس آیتہ مبارکہ کو ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد مرض میں افاقہ ہوگا، پروردگار عالم کے فضل وکرم سے شفائے کاملہ نصیب ہوگی۔

زبان کی بندش

اگر کسی کی زبان میں بندش ہو بات کرتے ہوئے دقّت محسوس کرتا ہو ٹھیک طرح سے اور واضح طور پر بات نہ کر سکتا ہو اس عارضہ کے باعث اُسے شدید کوفت ہوتی ہو اور بعض اوقات شرمندگی کا احساس ہوتا ہو تو ایسی صورت میں اسے چاہیئے کہ وہ ہر فرض نماز کی ادائیگی کے بعد نہایت توجہ ویکسوئی کے ساتھ گیارہ مرتبہ سورۂ بقرہ کے پہلے پارہ کی اس آیتہ مبارکہ کا وِرد کرے۔ پڑھنے کے بعد بارگاہِ الٰہی میں دُعا مانگے یقینِ کامل کے ساتھ اس عمل کو کرے بفضلِ باری تعالیٰ بہت جلد زبان کی بندش کُھل جائے گی جب بات کرے گا تو بہت ہی آسانی اور روانی کے ساتھ کرے گا۔ آیتہ مبارکہ آئندہ صفحہ پر ہے۔

وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا یَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ ط
وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا یَشَّقَّقُ فَیَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ ط
وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا یَهْبِطُ مِنْ خَشْیَةِ اللّٰهِ۔

دمہ کا علاج

جو کوئی دمہ کے مرض میں مبتلا ہو دن میں کئی کئی مرتبہ دمہ کا شدید دورہ پڑتا ہو کسی بھی دوا وغیرہ سے افاقہ نہ ہوتا ہو سانس تنگی اور تکلیف سے لیتا ہو اس وجہ سے بہت ہی پریشان ہو اور علاج کروا کر عاجز آگیا ہو تو چاہیے کہ باوضو حالت میں سورۂ بقرہ کے تیسرے پارہ کی آخری آیت مبارکہ 'اٰمَنَ الرَّسُوْلُ سے آخیر سورۃ تک ایک سفید کاغذ پر عرق گلاب اور زعفران کے ساتھ نہایت شوق ومحبت سے لکھے اور تعویز کی طرح بنا کر مریض کے گلے میں ڈالے اِنشاء اللہ دمہ کے دورے کی شدت میں کمی واقع ہوگی اور بہت جلد اللہ رب العزت کے فضل وکرم سے شفائے کاملہ نصیب ہوگی۔

خفقان کا عارضہ

خفقان کے عارضہ میں دل کی دھڑکن نہایت تیز ہو جاتی ہے اور دل گھبراہٹ محسوس کرتا ہے سخت ہول پھرتا ہے مریض کا

دل کسی بھی کام کے کرنے کو نہیں چاہتا تو خفقان کے مرض میں آرام حاصل کرنے کی غرض سے چاہیئے کہ سورۂ بقرہ میں موجود آیۃ الکرسی اور سورۂ بقرہ کی آخری آیات مبارکہ "امن الرسول سے آخر تک مشک اور عرق گلاب سے ایک سفید کاغذ پہ لکھے اور تعویذ کی طرح مریض کے گلے میں اس طرح سے ڈالے کہ تعویذ ہمہ وقت مریض کے دل کے مقام پر رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دل کی دھڑکن معمول کے مطابق ہو جائے گی۔ خفقان کے عارضہ سے بفضلِ باری تعالیٰ بہت جلد نجات حاصل ہو گی اور صحت کاملہ ہو جائے گی۔

پیشاب کی بندش

اگر کسی کا پیشاب بند ہو گیا ہو اس میں رکاوٹ پیدا ہو گئی ہو یا رُک رُک کر آتا ہو اور تھوڑا تھوڑا آتا ہو پیشاب کرتے ہوئے مریض بہت تکلیف محسوس کرتا ہو تو ایسی صورت میں چاہیئے کہ سورۂ بقرہ کے پہلے پارہ کی مندرجہ ذیل آیۃ مبارکہ اکہتر مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور مریض کو پلائے یہ دم کیا ہوا پانی مریض دن میں بار بار پیئے اگلے روز پھر اکہتر مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور مریض کو پینے کے لیے دے آیۃ مبارکہ یہ ہے۔

وَاِذِ اسْتَسْقٰی مُوْسٰی لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ
الْحَجَرَ ط فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ط

قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا
مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ o

اس کے علاوہ اسی آیۃ مبارکہ کو ایک سفید کاغذ پر عرق گلاب اور زعفران سے لکھے اور تعویذ کی طرح بنا کر مریض کو دے کہ وہ اس کو اپنے گلے میں ڈالے۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ پیشاب کی بندش ورکاوٹ دور ہو جائے گی پیشاب کھل کر آئے گا اور بفضلِ باری تعالیٰ مریض کی تکلیف رفع ہو جائے گی۔

شوگر کا علاج

آجکل شوگر کی بیماری اس قدر عام ہو چکی ہے کہ تقریباً ہر گھر میں کوئی نہ کوئی اس مرض کا شکار ہے شوگر کے باعث جسمانی کمزوری اور نقاہت واقع ہو جاتی ہے جسم میں طاقت رفتہ رفتہ ختم ہونا شروع ہو جاتی ہے شوگر کے عارضہ سے نجات حاصل کرنے کے لیے قرآن پاک کی سورۂ بقرہ سے استفادہ حاصل کرنا نہایت ہی فائدہ مند اور شفا بخش ہے چنانچہ جب کسی کو شوگر کی بیماری لاحق ہو تو چاہیے کہ سورۂ بقرہ کی یہ آیت مبارکہ لکھے باوضو حالت میں۔

وَاِذِ اسْتَسْقٰی مُوْسٰی لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ
بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ
عَيْنًا ط

لکھنے کے بعد اس کو پانی سے دھو کر یہ پانی مریض کو پلایا جائے روزانہ یہ عمل کیا جائے انشاء اللہ تعالیٰ چالیس یوم کے اندر اندر مریض کو افاقہ ہو گا اور اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا۔

ناسور کا علاج

جو کوئی ناسور و بھگندر جیسے گندے مرض میں مبتلا ہو اور شدید تکلیف میں ہو کسی بھی علاج سے کوئی فرق نہ پڑتا ہو بلکہ دن بدن مرض کی شدت میں اضافہ ہوتا جاتا ہو تو ایسی صورت میں چاہیئے کہ عرق گلاب، شہد خالص اور زعفران کے ساتھ باوضو حالت میں سورۂ بقرہ کے پہلے پارہ کی مندرجہ ذیل آیۃ مبارکہ لکھے اور پانی سے دھو کر مریض کو پلائے۔

وَاِذْ يَرْفَعُ اِبْرٰهٖمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ
وَاِسْمٰعِيْلُ ؕ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ
السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

روزانہ لکھ کر مریض کو پلائے اکتالیس یوم تک بلاناغہ ہر روز یہ عمل کیا جائے اِنشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد اس کے شفائی اثرات ظاہر ہوں گے اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مرض ختم ہو جائے گا۔

ران کی درد

بعض اوقات ران میں اس قدر شدید درد ہوتی ہے کہ برداشت سے باہر ہو جاتی ہے کئی افراد کو ران میں درد کی مستقل شکایت لاحق ہوتی ہے جس کے باعث بہت کوفت ہوتی ہے ایسی صورت میں چاہیے کہ باوضو حالت میں سورہ بقرہ پارہ دوم کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ

وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ ؕ اُجِیْبُ
دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِیْبُوْا لِیْ وَلْیُؤْمِنُوْا
بِیْ لَعَلَّهُمْ یَرْشُدُوْنَ ۝

پانی پر دم کر کے مریض کو دن میں کئی بار پلایا جائے اگلے روز پھر اسی طرح پانی پر دم کر کے مریض کو دیا جائے اس طرح چالیس یوم تک بلاناغہ یہ عمل کیا ہے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد ران کی درد ختم ہو جائے گی۔

دُودھ میں کمی

اکثر اوقات بچے کو دُودھ پلانے والی عورتوں میں دودھ کی کمی واقع ہو جاتی ہے اور بچے کو پوری خوراک نہیں ملتی دُودھ میں کمی ہونے کی بظاہر کوئی وجہ دکھائی نہیں دیتی ایسی صورت میں چاہیئے کہ باوضو حالت میں سورۂ بقرہ دوسرے پارہ کی مندرجہ ذیل آیۃ مبارکہ

ثُمَّ قَسَتْ قُلُوبُكُم مِّنۢ بَعْدِ ذَٰلِكَ فَهِىَ كَالْحِجَارَةِ
أَوْ أَشَدُّ قَسْوَةً ۚ وَإِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ
مِنْهُ الْأَنْهَٰرُ ۚ وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ
مِنْهُ الْمَآءُ ۚ وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ
خَشْيَةِ اللَّهِ ۗ وَمَا اللَّهُ بِغَٰفِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ ۔

اس طرح سے پڑھ کر پانی پر دم کرے کہ اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے یہ دم کیا ہوا پانی عورت کو دن میں دو تین مرتبہ پلایا جائے بفضلِ باری تعالیٰ عورت کے دودھ میں کمی کی شکایت نہ رہے گی اور دودھ ٹھیک طرح سے آنا شروع ہو جائے گا۔

حیض کی کثرت

بعض خواتین کثرتِ حیض کی شکایت لاحق ہو جاتی ہے جس کے باعث جسم میں کمزوری اور نقاہت پیدا ہو جاتی ہے طبیعت سست اور بوجھل سی ہو جاتی ہے ایسی صورت میں چاہیئے کہ سورۂ بقرہ پہلے پارہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ عرق گلاب و زعفران سے ایک سفید کاغذ پر لکھے۔

صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْىٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُونَ ۝

لکھنے کے بعد تعویذ کی طرح لپیٹ کر کسی صاف کپڑے کے ٹکڑے میں باندھ کر عورت کو دے کہ وہ اس تعویذ کو اپنے پیٹ کے اوپر

باندھ لے۔ علاوہ ازیں آیۃ مبارکہ کو گیارہ مرتبہ اس طرح سے پڑھ کر پانی پر دم کرے کہ اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے یہ دم کیا ہوا پانی عورت کو پینے کے لیے دے سات یوم تک روزانہ پانی پر دم کر کے پلایا جائے انشاء اللہ تعالیٰ عورت کو کثرتِ حیض کی شکایت نہ رہے گی اور حیض معمول کے مطابق آئے گا نہایت مجرب و آزمودہ ہے۔

داد و چنبل کا علاج

اگر کسی کو داد و چنبل کی شکایت لاحق ہو گئی ہو کسی بھی طرح مرض میں افاقہ نہ ہوتا ہو تو چاہیے کہ باوضو حالت میں سورۂ بقرہ تیسرے پارہ کی مندرجہ ذیل آیۃ مبارکہ

فَأَصَابَهَآ إِعْصَارٌ فِيهِ نَارٌ فَٱحْتَرَقَتْ

اپنی انگشت شہادت کے ساتھ داد و چنبل کے متاثرہ حصہ پر لکھ دیں انشاء اللہ تعالیٰ بیماری ختم ہو جائے گی سورۂ بقرہ کی برکت کے طفیل پروردگار عالم شفائے کاملہ عطا فرمائے گا۔

برص کا علاج

اگر کسی اچھے بھلے شخص کو برص کا عارضہ لاحق ہو گیا ہو جس کے باعث جسم کے مختلف حصوں پر سفید داغ پیدا ہو گئے ہوں

تو ایسی صورت میں چاہیے کہ سورۂ بقرہ تیسرے پارہ کی مندرجہ ذیل آیتہ مبارک نہایت توجہ ویکسوئی کے ساتھ پڑھے۔

ثُمَّ نَكْسُوهَا لَحْمًا فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهُ قَالَ أَعْلَمُ
أَنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ۔

پڑھنے کے بعد مچھلی کے تیل پر دم کرے اور مریض کو دے کر وہ یہ دم کیا ہوا تیل مالش کروائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد برص کا عارضہ رفع ہو جائے گا اللہ تعالیٰ اس بیماری کو جسم سے دُور فرما دے گا۔

نظرِ بد کا علاج

اگر کسی بچے کو نظر بد لگ گئی ہو جس کے باعث بچہ بات بات پر بگڑتا ہو، روتا ہو اور ضد کرتا ہو تو ایسی صورت میں چاہیئے کہ سورۂ بقرہ دوسرے پارہ کی مندرجہ ذیل آیتہ مُبارکہ

وَمَا أَنفَقْتُم مِّن نَّفَقَةٍ أَوْ نَذَرْتُم مِّن نَّذْرٍ
فَإِنَّ اللَّهَ يَعْلَمُهُ ۗ وَمَا لِلظَّالِمِينَ مِنْ أَنصَارٍ

باوضو حالت میں پڑھ کر بچے پر دم کرے اگر بڑے کو بھی نظر بد لگی ہو گی تو بفضل باری تعالیٰ آرام آجائے گا بُری نظر کے اثرات ختم ہو جائیں گے اللہ تعالیٰ اپنی حفظ و امان میں رکھے گا علاوہ ازیں اگر ویسے ہی یہ آیتہ مبارکہ پڑھ کر دم کر دیا جائے تو اس

سے یہ فائدہ ہوتا ہے کہ نظر بد سے بچاؤ رہتا ہے۔

مرگی سے محفوظ رہے

جو کوئی یہ چاہے کہ وہ مرگی کے عارضہ سے محفوظ رہے تو اسے چاہیئے کہ وہ روزانہ سات مرتبہ سورۂ بقرہ پڑھ لیا کرے وقت کی کوئی قید نہیں ہے دو تین نشستوں میں بھی پڑھ سکتا ہے اس کے علاوہ اگر کوئی مرگی کے عارضہ میں مبتلا ہو تو چاہیئے کہ باوضو حالت میں سورۂ بقرہ پڑھے اور پڑھنے کے بعد مریض پر دم کر دے چالیس یوم تک بلاناغہ اسی طرح دم کرے اِنشاءَ اللہ تعالیٰ مرگی کے مرض سے خلاصی عطا ہو گی پروردگار عالم اپنے فضل و کرم اور سورۂ بقرہ کی برکت کے طفیل شفائے کاملہ عطا فرمائے گا۔

اصلاحِ قلب کیلئے

جو کوئی گناہوں میں مبتلا ہو کر شیطان کے جال میں پھنس چکا ہو اور چاہتا ہو کہ اللہ تعالیٰ اس پر اپنا خصوصی فضل و کرم نازل فرمائے اس کا قلب گناہوں سے پاک ہو جائے اس کے دل میں گناہوں کے خلاف نفرت اور اچھے کاموں کے کرنے کی رغبت پیدا ہو جائے تو اُسے چاہیئے کہ وہ روزانہ نماز فجر یا نماز عشاء کے بعد سورۂ بقرہ کی تلاوت کرے اور پھر بارگاہ الٰہی میں دُعا مانگے اِنشاء اللہ تعالیٰ اس کا

قلب خباثتوں سے پاک ہو جائے گا اس کے قلب کی اصلاح ہو جائے گی اور وہ نیکی کے کاموں کی رغبت کرے گا۔

مہم میں کامیابی کیلئے

اگر کوئی کسی مہم میں کامیابی کا خواہاں ہو اور چاہتا ہو کہ اُسے اس مہم میں بہت جلد کامیابی حاصل ہو جائے تو اُسے چاہیے کہ وہ ذیل میں دی ہوئی سورۂ بقرہ کی آیت مبارکہ کا نقش اس طرح سے تیار کرے کہ کسی سفید کاغذ پر باوضو حالت میں عرق گلاب اور زعفران سے نقش لکھے اور اپنے دائیں بازو پر باندھے۔

آیت مبارکہ یہ ہے،

بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاِذَا قَضٰى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ (آیت ۱۱۷ سورۂ بقرہ)

آیت مبارکہ کا نقش پاک یہ ہے۔

۷۸۶

۸۵۷	۸۶۰	۸۶۳	۸۵۰
۸۶۲	۸۵۱	۸۵۶	۸۶۱
۸۵۲	۸۶۵	۸۵۶	۸۵۵
۸۵۹	۸۵۴	۸۵۳	۸۶۴

یا اللہ میری مدد فرما۔

آیۃ مبارکہ کے نقش پاک کو اپنے دائیں بازو پر باندھنے کے بعد تین جمعراتوں تک روزہ رکھے یعنی ہر جمعرات کو روزہ رکھے اور جمعہ کی شب نماز عشاء کے بعد آیت مذکورہ کو نوے ہزار مرتبہ پڑھے۔ جب پڑھ چکے یعنی عمل پورا کرے تو پھر بارگاہ الٰہی میں اپنی مہم کی کامیابی و کامرانی کی دُعا مانگے اور نقش پر کپڑے سمیت دم کرے اس کے بعد پھر اس کو اپنے دائیں بازو پر باندھ لے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بہت جلد مہم میں کامیابی ہوگی اللہ تعالیٰ کامیابی کے راستے کی ہر رکاوٹ کو دور فرما دے گا۔

باری کا بخار

اگر کسی کو باری کا بخار لاحق ہو اور کوئی بھی طریقہ علاج اس پر کارگر نہ ہوتا ہو کسی بھی طرح سے بخار سے نجات نہ ملتی ہو تو چاہیے کہ جس دن بخار نہ چڑھے اُس دن باوضو حالت میں سورۂ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ پان کے پتے پر لکھے اور مریض کو کھلائے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ۝ فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ۔

جس دن مریض کو بخار چڑھے اُس دن یہ آیۃ مبارکہ پان کے پتے پر لکھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ یَا حَفِیْظُ یَاسَلَامُ یُرِیْدُ اللّٰہُ بِکُمُ الْیُسْرَ وَلَا یُرِیْدُ بِکُمُ الْعُسْرَ ۔ (آیت ۱۸۵)

لکھنے کے بعد مریض کو کھلا دے انشاءاللہ تعالیٰ باری کا بخار اُتر جائے گا اور بخار سے مکمل طور پر نجات حاصل ہو جائے گی، پروردگار عالم کے فضل وکرم سے صحت یابی ہو جائے گی۔

کاروبار کی حفاظت

اگر کسی کا کاروبار بہت چلتا ہو اور حاسدین کی نظریں اس کے کاروبار پر ہوں حاسدین کی نظر بد لگنے کی وجہ سے کاروبار کے تباہ ہونے کا سخت اندیشہ ہو تو ایسی صورت میں چاہیے کہ باوضو حالت میں سورۂ بقرہ کی آیت ۷ پارہ اول ایک سفید کاغذ پر لکھے۔

خَتَمَ اللّٰہُ عَلٰی قُلُوْبِہِمْ وَعَلٰی سَمْعِہِمْ ؕ وَعَلٰی اَبْصَارِہِمْ غِشَاوَۃٌ وَّلَہُمْ عَذَابٌ عَظِیْمٌ ؕ

آیت مبارکہ لکھنے کے بعد کسی گتے کے صاف ٹکڑے پر چسپاں کرے اور یہ گتہ کاروبار والی جگہ دیوار کے ساتھ لٹکا دے۔ انشاءاللہ تعالیٰ کاروبار دن بدن ترقی کرے گا اور حاسدین کی نظر بد سے محفوظ رہے گا ان کی نظر بد کسی قسم کا نقصان نہ پہنچا سکے گی اللہ تعالیٰ سورۂ بقرہ کی برکت کے طفیل خصوصی حفاظت فرمائے گا۔

سفر میں خطرہ سے بچاؤ

اگر کوئی شخص کسی ایسے علاقہ میں سفر کر رہا ہو کہ جہاں پر اُسے اپنے مال واسباب کے لوٹ لیے جانے کا شدید خطرہ محسوس ہوتا ہو اور اسے اندیشہ ہو کہ کوئی اس پر حملہ آور ہو کر اس کو لوٹ لے گا تو اسے چاہیئے کہ وہ سورۂ بقرہ پارہ اول آیت ۵ کو نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ سات مرتبہ پڑھے۔ آیت مبارکہ یہ ہے۔

اُولٰٓئِكَ عَلٰی ھُدًی مِّنْ رَّبِّہِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ ھُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۔

پڑھنے کے بعد اپنے آپ پر دم کرے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے پھر اپنا سفر جاری رکھے انشاءاللہ تعالیٰ سفر بخیر وعافیت طے ہوگا کسی قسم کا نقصان نہ ہوگا اللہ تعالیٰ اپنی حفظ وامان میں رکھے گا۔

وبائی امراض سے بچاؤ

جو کوئی یہ چاہے کہ وہ ہر طرح کے وبائی امراض مثلاً ہیضہ بخار طاعون وغیرہ سے محفوظ رہے تو اُسے چاہیئے کہ وہ ذیل میں دی ہوئی سورۂ بقرہ کی آیت مبارکہ عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر اپنے گھر کے باہر دروازے پر اور اندرونی وبیرونی دونوں حصوں پر لگا دے بفضلِ باری تعالیٰ جس گھر پر یہ آیت مبارکہ لکھی ہوئی ہوگی

وہ گھر وبائی امراض سے محفوظ رہے گا کوئی وبائی مرض اس گھر کے رہنے والوں پر حملہ آور نہ ہو سکے گا گھر کے رہنے والے انشاء اللہ تعالیٰ مکمل طور پر محفوظ رہیں گے اللہ تعالیٰ ان کو اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔ آیت مبارکہ یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۔ وَلِلّٰہِ الۡمَشۡرِقُ وَالۡمَغۡرِبُ ٭ فَاَیۡنَمَا تُوَلُّوۡا فَثَمَّ وَجۡہُ اللّٰہِ ؕ اِنَّ اللّٰہَ وَاسِعٌ عَلِیۡمٌ ۔ (سورۂ بقرہ آیت ۱۱۵)

دلی مراد کا حصول

اگر کسی کی ایسی دلی مراد ہو کہ جس کے لیے وہ چاہتا ہو کہ جلد سے جلد پوری ہو جائے تو اسے چاہیئے کہ وہ سورۂ بقرہ سے استفادہ حاصل کرے۔ حضرت بابا فریدالدین مسعود گنج شکر رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص صبح کی نماز کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان تین دن تک روزانہ بلاناغہ سورۂ بقرہ پڑھے تو انشاءاللہ تعالیٰ اُسے اپنے مقصد میں کامیابی ہو، یعنی اس کی جو بھی دلی مراد ہے وہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے پوری ہو جائے پروردگار عالم سورۂ بقرہ کی برکت کے طفیل اس کی جائز دلی مراد کو جلد پورا فرمادے۔

دشمن کی زبان بندی

اگر کوئی ظالم دشمن کے شر سے بہت زیادہ پریشان ہو دشمن زبان درازی کرتا ہو اور نقصان پہنچانے کی کوشش میں مصروف رہتا ہو تو ایسے دشمن کی زبان بندی کی غرض سے چاہیے کہ یہ عمل نہایت احتیاط توجہ و یکسوئی کے ساتھ اس طرح سے کرے کہ سات یوم تک باوضو حالت میں اندھیرے میں بیٹھ کر سورۂ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ ایک ہزار ایک مرتبہ پڑھے۔

فَلَمَّآ اَضَآءَتۡ مَا حَوۡلَہٗ ذَہَبَ اللّٰہُ بِنُوۡرِہِمۡ وَتَرَکَہُمۡ فِیۡ ظُلُمٰتٍ لَّا یُبۡصِرُوۡنَ ۔ صُمٌّۢ بُکۡمٌ عُمۡیٌ فَہُمۡ لَا یَرۡجِعُوۡنَ ۔

یہ آیت مبارکہ اس طرح سے پڑھے کہ ہر مرتبہ آیت مبارکہ کے ختم ہونے پر اس دشمن کا تصور کرتے ہوئے اس کا نام لے جس کی زبان بندی کرنی مقصود ہو۔ سورۂ بقرہ کی یہ آیت مبارکہ جلالی ہے اس عمل کے دوران عامل کو چاہیئے کہ وہ رزق حرام کھانے، غیر شرعی کاموں کے کرنے اور جھوٹ بولنے سے مکمل طور پر پرہیز کرے ورنہ فائدہ نہ ہو گا اور نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے۔ اس عمل کی کامیابی کے نتیجہ میں دشمن زبان درازی پر قادر نہ ہو سکے گا اس کی زبان بندی ہو جائے گی اور وہ کسی بھی قسم کا نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

گندی پھنسی کا علاج

ایسی گندی پھنسی جو کسی بھی علاج سے ٹھیک نہ ہوتی ہو اور معمولی سی پھنسی ایک زخم کی شکل اختیار کر گئی ہو ڈاکٹر اس کے علاج سے عاجز آ گئے ہوں تو چاہیے کہ سورۂ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ باوضو حالت میں ایک ہزار گیارہ مرتبہ پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيْهَا۔

پڑھنے کے بعد اس دوا یا مرہم پر دم کرے جو زخم پر لگائی جاتی ہے پھر یہ دم کیا ہوا دوا یا مرہم جسم کے متاثرہ حصہ پر لگائے بفضلِ باری تعالیٰ دس یوم کے اندر اندر پھنسی والا زخم بالکل ٹھیک ہو جائے اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا اور زخم کا داغ بھی ختم ہو جائے گا۔

سامان محفوظ رہے

اگر کوئی شخص سفر پر جانے سے قبل اپنا سامانِ سفر پہلے آگے بھیج دے یا کوئی کاروباری شخص اپنا سامانِ تجارت کسی دوسرے مقام پر روانہ کرے اور اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کا سامان بحفاظت مطلوبہ جگہ پر پہنچ جائے اور کسی بھی قسم کا نقصان نہ ہو تو اسے چاہیئے کہ وہ سامان کو بھیجنے سے قبل سورۂ بقرہ کی مندرجہ ذیل

آیت مبارکہ عرق گلاب اور زعفران سے تین مرتبہ ایک سفید کاغذ پر لکھے۔

وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ۔

لکھنے کے بعد یہ کاغذ سامان میں رکھ دے انشاء اللہ تعالیٰ سامان مکمل طور پر محفوظ رہے گا اور حفاظت کے ساتھ منزل پر پہنچے گا۔

بد روحوں سے محفوظ رہے

اگر کسی مکان میں بد روحوں کی آمدورفت ہو اور وہ تنگ کرتی ہوں جس کے باعث بہت زیادہ پریشانی ہو تو خبیث بد روحوں کو بھگانے کی غرض سے چاہیے کہ سورۂ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ باوضو حالت میں ایک سفید کاغذ پر لکھے،

اُولٰٓئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ اَنْ يَّدْخُلُوْهَآ اِلَّا خَآئِفِيْنَ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ۔

لکھنے کے بعد اس کاغذ کو مکان کی دیوار کے ساتھ چسپاں کر دے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے کوئی بد روح اس مکان میں داخل نہ ہو سکے گی۔ اللہ تعالیٰ اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔

سلامتی اور زندگی کیلئے

جو کوئی کہیں سفر کی غرض سے باہر جانے کا خواہاں ہو اور چاہتا ہو کہ وہ بخیر و عافیت واپس آئے اور اس کے گھر والے زندہ سلامت اور آرام و سکون سے رہیں تو اسے چاہیے کہ وہ سفر پر جانے سے قبل اپنے گھر کے دروازے کی پیشانی پر سورۂ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ سفید کاغذ پر عرقِ گلاب اور زعفران کے ساتھ نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ لکھ کر چسپاں کرے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ رَبِّ اجْعَلْ ھٰذَا بَلَدًا اٰمِنًا وَّارْزُقْ اَھْلَہٗ مِنَ الثَّمَرَاتِ مَنْ اٰمَنَ مِنْھُمْ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ ط وَاِذْ جَعَلْنَا الْبَیْتَ مَثَابَۃً لِّلنَّاسِ وَاَمْنًا۔

اس آیۃ مبارکہ کی برکت کے طفیل انشاء اللہ تعالیٰ اس کا سفر بخیر و عافیت طے ہوگا اور واپس آ کر اپنے گھر والوں سے خیریت کے ساتھ ملے گا۔

تسخیرِ خلائق کیلئے

جس کو لوگ بہت بُرا سمجھتے ہوں جہاں بھی جاتا ہو لوگ اسے بُری نظروں سے دیکھتے ہوں مگر حقیقت میں وہ بُرا نہ ہو اور کسی

غلط فہمی کی بناء پر لوگوں میں غلط کردار کا مشہور ہو گیا ہو اور چاہتا ہو کہ لوگوں کے دلوں سے یہ غلط فہمی دُور ہو جائے لوگوں کے دلوں میں اس کے خلاف موجود نفرت محبت میں تبدیل ہو جائے اور لوگ اسے اچھی نگاہوں سے دیکھیں تو اسے چاہیے کہ وہ سات یوم تک بلا ناغہ روزانہ مندرجہ ذیل آیت مبارکہ باوضو حالت میں ایک سو مرتبہ پڑھے،

فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

پڑھنے کے بعد بارگاہِ الٰہی میں دعا مانگے اور دُعا میں صرف یہ جملے اپنے مُنہ سے نکالے،

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ۔

اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ لوگوں کے دلوں میں اس کے خلاف موجود نفرت دور ہو جائے گی اور لوگ اس سے نفرت نہ کریں گے۔

گمشدہ کی واپسی کیلئے

اگر کسی کا بیٹا یا بیٹی، بیوی یا کوئی بھی قریبی عزیز گھر سے فرار ہو کر کہیں چلا گیا ہو اور اُس کی واپسی نہ ہوتی ہو اور نہ ہی اس کے بارے میں کچھ پتہ چلتا ہو کہ وہ کہاں پر ہے تو اس کی بحفاظت

واپسی کی غرض سے چاہیئے کر وہ ذیل میں دی ہوئی سورۂ بقرہ کی آیت مبارکہ کا عمل نہایت توجہ و یکسوئی اور یقین کامل کے ساتھ اس طرح سے کرے کہ نماز فجر یا نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد قبلہ رُخ ہو کر بیٹھے اور سات ہزار ایک سو اکیس مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھے

وَلِكُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيهَا فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرَاتِ ط
أَيْنَ مَا تَكُونُوا يَأْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيعًا ط إِنَّ اللّٰهَ
عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۔

اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ یہ دُرودِ پاک پڑھے،

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْاَبْرَارِ فَاتِحِ الْاَسْرَارِ
وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ۔

عمل مکمل کرنے کے بعد فوری طور پر حسبِ منشا و حسبِ استطاعت شیرینی نابالغ بچوں میں تقسیم کی جائے اس کے بعد دو رکعت نفل نماز پڑھے اور گمشدہ کے واپس آجانے کی دُعا کرے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے تین دن میں غائب حاضر ہو جائے گا اور اس کی واپسی جلد ہو گی۔ یہ عمل اگر ایک ہی شخص کرے تو بہتر ہے ورنہ تین اشخاص مل کر بھی یہ عمل کر سکتے ہیں۔ تینوں اشخاص مل کر سات ہزار ایک سو اکیس مرتبہ ہی آیت مبارکہ پڑھیں مگر تینوں اشخاص دو دو رکعت نفل نماز یعنی کُل چھ رکعتیں پڑھیں۔ یہ عمل

نہایت مجرب و آزمودہ ہے گمشدہ کی جلد از جلد واپسی کے لیے بہت ہی خوب ہے اس عمل کی برکت سے اِنشاء اللہ تعالیٰ گمشدہ کے بارے میں جلد ہی کہیں سے کوئی خبر مل جائے گی کہ وہ کہاں پر ہے۔

مصیبت دُور ہو جائے

اگر کوئی کسی ایسی سخت مصیبت میں مبتلا ہو گیا ہو کر جس سے خلاصی کی اُسے کوئی ممکن صورت دکھائی نہ دیتی ہو تو اُسے چاہیے کر وہ مصیبت سے چھٹکارے کی غرض سے گیارہ دن کے اعتکاف کی نیت کرے اور گیارہ روزے اس مقصد کے لیے رکھے رزقِ حرام سے مکمل طور پر پرہیز کرنے کا مصمم ارادہ کرے اور صرف رزقِ حلال کمانے اور کھانے پر کاربند رہنے کی نیت کرے اعتکاف کی حالت میں روزانہ بلاناغہ گیارہ دن تک گیارہ ہزار مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھے،

وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ

ہر روز مذکورہ آیت مبارکہ گیارہ ہزار مرتبہ پڑھنے کے بعد سجدے میں جا کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد اس کی مصیبت رفع ہو جائے گی اگر پہاڑ کے برابر بھی سخت مصیبت ہو گی تو وہ بھی بفضل باری تعالیٰ سورۂ بقرہ کی اس آیت مبارکہ

کے طفیل مصیبت سے نجات مل جائے گی اور بخیر و عافیت مصیبت دُور ہو گی ۔ اگر گیارہ یوم تک اس پابندی کے ساتھ عمل نہ کر سکتا ہو تو یہ آیت مبارکہ سات دن تک بلا ناغہ روزانہ گیارہ ہزار مرتبہ پڑھنا بھی نہایت مؤثر اور فائدہ مند ثابت ہوا ہے اور مجرب و آزمودہ کامیاب عمل ہے ۔

قبولیت دُعا کیلئے

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کی دُعا بارگاہ الٰہی میں قبولیت کی سند حاصل کرے اللہ تعالیٰ اُس کی جائز دُعا کو شرفِ قبولیت عطا فرمائے اور اس کی جو بھی مراد ہے وہ جلد از جلد پوری ہو جائے تو اُسے چاہیے کہ وہ نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد نہایت شوق و توجہ کے ساتھ ایک ہزار مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھے ۔

وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّي قَرِيبٌ ۖ أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيبُوا لِي وَلْيُؤْمِنُوا بِي لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُونَ ۔

ایک ہزار مرتبہ پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے اِنشاء اللہ تعالیٰ اس کی دُعا بارگاہِ الٰہی میں قبول ہو گی ۔

دُودھ کی کمی دُور ہو جائے

اگر کسی دودھ پلانے والی عورت کے دُودھ میں کمی واقع ہو گئی ہو اور کسی بھی طرح عورت کے دودھ میں اضافہ نہ ہوتا ہو تو اس مقصد کے لیے چاہیئے کہ کچی مٹی کی صاف ستھری اور نئی پلیٹ لے کر با وضو حالت میں عرق گلاب ، زعفران اور خالص شہد کے ساتھ سورۃ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ لکھے ،

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ وَالْوَالِدَاتُ يُرْضِعْنَ أَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ أَرَادَ أَنْ يُتِمَّ الرَّضَاعَةَ ۚ وَمَا مِنْ دَابَّةٍ فِي الْأَرْضِ إِلَّا عَلَى اللهِ رِزْقُهَا وَعَلَى اللهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُونَ ۝

لکھنے کے بعد پانی سے دھوئے اور عورت کو پلا دے سات یوم تک روزانہ بلا ناغہ اسی طرح لکھ کر عورت کو پلائے اِنشاء اللہ تعالیٰ دُودھ میں کمی واقع نہ ہو گی اور دُودھ وافر آئے گا ۔

کھانا محفوظ رہے

اگر کسی کو اس بات کا خدشہ ہو کہ اس کا کھانا رات کو اگر پڑا رہا تو خراب ہو جائے گا اور کھانے کے قابل نہ رہے گا تو اُسے چاہیئے کہ وہ خلوص نیت اور صدق یقین کے ساتھ تین مرتبہ یہ آیت مبارکہ

پڑھے،

فَانْظُرْ اِلٰی طَعَامِكَ وَشَرَابِكَ لَمْ يَتَسَنَّهْ

پڑھنے کے بعد کھانے پر دم کرے اور پھر احتیاط کے ساتھ رکھ دے صبح کے وقت جب اس کھانے کو اٹھانے لگے تو اٹھاتے ہوئے پھر آیتِ مذکورہ کو پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ کھانا خراب نہ ہوگا اور سڑنے سے محفوظ رہے گا۔

جان و مال کی حفاظت

اگر کوئی کسی ایسی جگہ پہ ہو کہ جہاں اُسے اپنی جان اور مال کے ضائع ہونے کا شدید خطرہ لاحق ہو اور وہ اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کی جان اور مال محفوظ رہے اسے کسی قسم کا کوئی نقصان نہ پہنچے تو اُسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد سات مرتبہ مندرجہ ذیل آیت مبارکہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ آیت مبارکہ یہ ہے۔

اُولٰٓئِكَ عَلٰی هُدًی مِّنْ رَّبِّهِمْ ق وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ۔

اس کے علاوہ مذکورہ آیت مبارکہ کا نقش مربع شکل میں مزاج کے اعتبار سے تیار کرے یعنی آبی، خاکی، آتشی اور بادی چالوں کے حساب سے بنائے اگر خود تیار نہ کر سکے تو کسی ماہر اور کامل عامل سے بنوائے ذیل میں دیا ہوا اس آیت مبارکہ کا نقش آتشی چال میں

اور مربع شکل میں لکھا گیا ہے اور چونکہ اس مقصد کے لیے مربع نقش زیادہ مفید ثابت ہوا ہے اس لیے مربع نقش کو ہی ترجیح دی گئی ہے آیت کے مجموعی اعداد ۸۶۸ ہیں اور نقش مبارک یہ ہے۔

۷۸۶

۲۰۹	۲۲۳	۲۲۰	۲۱۶
۲۲۱	۲۱۵	۲۱۰	۲۲۲
۲۱۴	۲۱۸	۲۲۵	۲۱۱
۲۲۴	۲۱۲	۲۱۳	۲۱۹

نقش لکھنے کے بعد تعویذ کی طرح گلے میں ڈالا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے کسی قسم کا کوئی نقصان نہ ہوگا جان و مال کی حفاظت رہے گی پروردگارِ عالم اپنی حفظ و امان میں رکھے گا کوئی شرپسند اور اس کا دشمن اسے نقصان نہ پہنچا سکے گا اور اس کا قلب بھی مطمئن رہے گا۔

آسیب و جنات سے حفاظت

اگر کسی گھر میں آسیب و جنات کا داخلہ ہو اور وہ تنگ کرتے ہوں خوفزدہ کرتے رہتے ہوں کسی بھی طرح گھر چھوڑ کر نہ جاتے

ہوں تو ان کو بھگانے کی غرض سے چاہیے کہ اس گھر میں باوضو حالت میں بیٹھ کر نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ مندرجہ ذیل آیت مبارکہ ایک ہزار مرتبہ پڑھی جائے اور تین دن تک بلاناغہ روزانہ پڑھی جائے آیت مبارکہ یہ ہے۔

أُولَٰئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ أَنْ يَدْخُلُوهَا إِلَّا خَائِفِينَ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَلَهُمْ فِي الْآخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيمٌ۔

(سورۂ بقرہ آیت ۱۱۴)

روزانہ پڑھنے کے بعد بارگاہِ الٰہی میں دعا مانگے انشاءاللہ تعالیٰ دعا قبول ہوگی اور مطلوبہ مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی علاوہ ازیں اگر اس آیت مبارکہ کو لکھ کر گھر میں دیوار کے ساتھ آویزاں کر دیا جائے تو انشاءاللہ تعالیٰ گھر آسیب و جنات کے اثرات سے محفوظ ہو جائے گا کوئی موذی جانور اور آسیب و جنات اس گھر کے اندر داخل نہ ہو سکیں گے اور نہ گھر کے مکینوں کو تنگ کریں گے۔ مجرب و آزمودہ عمل ہے۔

سامان چوری نہ ہو

اگر کسی کو اپنے سامان کے چوری یا گم ہو جانے کا خدشہ ہو اور وہ چاہتا ہو کہ اُس کا سامان محفوظ رہے اور کسی طرح کا نقصان نہ ہو تو اُسے چاہیئے کہ وہ باوضو حالت میں کامل یقین کے ساتھ سورۂ بقرہ

کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ تین مرتبہ پڑھ کر اپنے سامان پر دم کر دے، آیت مبارکہ یہ ہے۔

وَمَا تُقَدِّمُوا لِأَنْفُسِكُمْ مِنْ خَيْرٍ تَجِدُوهُ عِنْدَ اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ۔

(سورۂ بقرہ آیت ۱۱۰)

انشاءاللہ تعالیٰ اس کا سامان چوری ہونے یا گم ہونے سے محفوظ رہے گا اور کسی قسم کا کوئی نقصان نہ ہوگا۔ علاوہ ازیں اگر اس آیت مبارکہ کا نقش بنا کر سامان میں رکھ دیا جائے تو تب بھی سامان چوری ہو جانے اور گم ہونے سے محفوظ رہے گا۔ اس مقصد کے لیے عرق گلاب اور زعفران سے باوضو حالت میں آیت مذکورہ کا نقش ایک سفید کاغذ پر لکھے اور سامان میں رکھ دے بفضل باری تعالیٰ چوری اور گمشدگی نہ ہوگی۔

نقش مبارک یہ ہے۔

۷۸۶

۸۵۰	۸۵۴	۸۵۷	۸۴۳
۸۵۶	۸۴۴	۸۴۹	۸۵۵
۸۴۵	۸۵۹	۸۵۲	۸۴۸
۸۵۳	۸۴۷	۸۴۶	۸۵۸

مصیبت دُور ہو جائے

اگر کوئی کسی ناگہانی مصیبت میں مبتلا ہو گیا ہو اور مصیبت سے چھٹکارے کی کوئی ممکن صورت دکھائی نہ دیتی ہو تو اُسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد سات مرتبہ سورۂ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ پڑھے،

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَالْجُوْعِ وَنَقْصٍ
مِّنَ الْاَمْوَالِ وَالْاَنْفُسِ وَالثَّمَرَاتِ ؕ وَبَشِّرِ
الصّٰبِرِيْنَ ۙ الَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ ۙ
قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ؕ اُولٰٓئِكَ
عَلَيْهِمْ صَلَوٰةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ قف
وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ ۔

پڑھنے کے بعد بارگاہِ الٰہی میں دُعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد مصیبت سے خلاصی عطا ہو گی اللہ تعالیٰ اپنا خصوصی فضل و کرم فرمائے گا۔

دین کی رغبت حاصل ہو

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کے دل میں دین اسلام کی رغبت پیدا ہو جائے اللہ تعالیٰ اسے نیک اعمال کرنے اور بُرائیوں سے نفرت

کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور اس کی اولاد کو بھی نیکی کے کاموں کے کرنے کی توفیق عطا فرمائے تو اسے چاہیئے کہ وہ ہر نماز کے بعد نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ تین مرتبہ سورۂ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ پڑھنے کا معمول بنالے انشاء اللہ تعالیٰ اُسے مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو گی اللہ رب العزت اس پر اپنا خصوصی فضل و کرم نازل فرمائے گا۔ آیت مبارکہ یہ ہے۔

رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَآ اُمَّةً
مُّسْلِمَةً لَّكَ وَاَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا اِنَّكَ
اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۔

مُشکل حل ہو جائے

ایسی مشکل جو حل ہوتی ہوئی دکھائی نہ دیتی ہو اور مشکل کے باعث شدید پریشانی لاحق ہو گئی ہو تو چاہیے کہ ہر نماز کے بعد سورۂ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر بارگاہِ الٰہی میں مشکل کے حل ہونے کی دُعا مانگے۔ آیت مبارکہ یہ ہے۔

وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ
الرَّحِيْمُ ۔

اس کے علاوہ اس آیت مبارکہ کا نقش عرق گلاب اور زعفران سے ایک سفید کاغذ پر لکھے، نقش مبارک آئندہ صفحہ پر ہے۔

۷۸۶

۲۱۵	۲۲۸	۲۲۵	۲۲۲
۲۲۶	۲۲۱	۲۱۶	۲۲۷
۲۲۰	۲۲۳	۲۳۰	۲۱۷
۲۲۹	۲۱۸	۲۱۹	۲۲۴

نقش مبارک لکھنے کے بعد اپنے گلے میں ڈالے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ہر طرح کی مشکل دُور ہو جائے گی اللہ تعالیٰ مصیبت سے نجات عطا فرمائے گا اور آسانی میسّر ہو گی۔

گناہوں کی معافی عطا ہو

اگر کسی نے کوئی ایسا گناہ کر لیا ہو جس کی وجہ سے وہ بہت زیادہ پشیمانی محسوس کرتا ہو اور چاہتا ہو کہ پروردگارِ عالم اُسے رسوا ہونے سے محفوظ رکھے اس کے گناہوں کی معافی عطا فرمائے تو اُسے چاہیئے کہ وہ خلوصِ دل سے بارگاہِ الٰہی میں اپنے گناہوں کی معافی مانگتے ہوئے توبہ کرے اور ہر نماز کے بعد سورۂ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ اکیس مرتبہ پڑھنے کے بعد دُعا مانگے۔

اِنَّہٗ ھُوَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ (آیت ۳۷)

اِنشاء اللہ تعالیٰ اس کی دُعا قبول ہو گی اور اللہ تعالیٰ اس پر اپنا

خصوصی فضل وکرم نازل فرمائے گا۔

گواہ مُنکر نہ ہو

اگر کسی کو اپنے مقدمے میں کسی گواہ کے بارے میں شک ہو کہ وہ حق بات نہ کرے گا اور اس کے حق میں سچی گواہی دینے سے منکر ہو جائے گا یا ٹال مٹول سے کام لے گا تو چاہیئے کہ باوضو حالت میں سورۂ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ ایک سو اکیس مرتبہ پڑھے اور پڑھنے کے بعد کسی میٹھی چیز پر دم کر کے کسی طرح سے گواہ کو کھلا دے اِنشاء اللہ تعالیٰ گواہ سچی گواہی اور حق بات کرنے سے مُنکر نہ ہو گا وہ ہر حالت میں حق بات کرے گا اور باطل کا ساتھ نہ دے گا اگر ایسی صورتحال ہو کہ گواہ کو دم کی ہوئی چیز کھلانا محال اور ناممکن ہو تو پھر چاہیئے کہ مقررہ تعداد کے مطابق پڑھنے کے بعد گواہ کا تصور کر کے اس کی طرف دم کرے اور پھر بارگاہ الٰہی میں دُعا مانگے کہ اللہ تعالیٰ گواہ کے قلب کو حق بات کرنے کی طرف مائل کر دے۔ بفضلِ باری تعالیٰ اس عمل کی برکت کے طفیل مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو گی۔

آیت مبارکہ یہ ہے۔

وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَکْتُمُوا الْحَقَّ وَ اَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ۔ (آیت ۴۲)

پریشانی دُور ہو

اگر کوئی کسی ایسی پریشانی میں مبتلا ہو کہ جس کے باعث اس کا سکون ختم ہو گیا ہو قلب بے چینی محسوس کرتا ہو کسی بھی طرح قرار نہ آتا ہو تو چاہیئے کہ ہر نماز کے بعد سورۂ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے، آیت مبارکہ یہ ہے،

وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ط (آیت ۴۵)

اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم اور اس آیت مبارکہ کی برکت کے طفیل بندے کو پریشانی میں صابر و شاکر رہنے کی توفیق عطا فرمائے گا اس کے قلب کو مطمئن اور پُرسکون بنا دے گا اور جلد ہی اس کی پریشانی راحت میں بدل جائے گی۔

مُجرم کو ضرور سزا ملے

ایسا ظالم مجرم جس کی حرکتوں سے ہر کوئی تنگ ہو اور وہ قانون کے شکنجہ میں آچکا ہو مگر خدشہ ہو کہ وہ سفارش اور رشوت کے بل بوتے پر اپنے آپ کو بچالے گا تو جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ مجرم کو اس کے کیے کی جلد از جلد سزا ملے اور اس کے حق میں کوئی سفارش اور رشوت قبول نہ ہو تو اس مقصد کے لیے چاہیئے کہ

ہر نماز کے بعد بکثرت یہ آیت مبارکہ پڑھے،

وَلَا يُقْبَلُ مِنْهَا شَفَاعَةٌ وَّلَا يُؤْخَذُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ۔ (سورۂ بقرہ آیت ۴۸)

پڑھنے کے بعد بارگاہِ الٰہی میں دُعا مانگے انشاءاللہ تعالیٰ دُعا قبولیت کا شرف حاصل کرے گی اور مجرم کو اس کے کیے کی سزا ضرور ملے گی۔

دشمن کا خوف دُور ہو

اگر کسی کے دل پر دشمن کا رعب طاری ہو گیا ہو دشمن کے خوف کی وجہ سے اسے شدید پریشانی ہو ہمہ وقت یہ خدشہ رہتا ہو کہ کہیں دشمن اسے کوئی نقصان نہ پہنچا دے تو اسے چاہیئے کہ ہر نماز کے بعد نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ سورۂ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ اکیس مرتبہ پڑھ کر بارگاہِ الٰہی میں دُعا مانگے انشاءاللہ تعالیٰ اس کے دل سے دشمن کا خوف دور ہو جائے گا وہ اطمینان اور بے خوفی محسوس کرے گا ہر طرح کا خوف اور ڈر اُتر جائے گا۔ آیت مُبارکہ یہ ہے۔

اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ج وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ۔ (آیت ۶۲)

چھپی ہوئی بات ظاہر ہو جائے

اگر کسی عورت یا مرد نے کوئی ایسی بات اپنے دل میں چھپائی ہوئی ہو کہ جس سے کسی کا بھلا ہوتا ہو اور وہ جان بُوجھ کر بات کو ظاہر نہ کرتے ہوں اور نہ ہی کسی کو بتاتے ہوں تو جو کوئی یہ چاہے کہ چھپی ہوئی بات کسی طرح سے عیاں ہو جائے اور جو راز دوسرے کے دل میں ہے اس تک پہنچ جائے تاکہ جس کا بھلا ہوتا ہے وہ ہو جائے تو اس مقصد کے لیے چاہیے کہ روزانہ باوضو حالت میں قبلہ رُخ بیٹھ کر سورۂ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ تین سو مرتبہ پڑھے،

اَوَلَا يَعْلَمُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۔ (آیت ۷۷)

چالیس یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو گی۔

جادو کا اثر نہ ہو

اگر کسی کو اپنے دشمن کی طرف سے جادو کیے جانے کا خدشہ ہو تاکہ اسے نقصان پہنچے یا دشمن نے جادو کا وار کر دیا ہو تو جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ جادو اس پر اثر نہ کرے اور اسے کسی قسم

کا نقصان نہ پہنچے تو اسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد سورۂ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے، آیت مبارکہ یہ ہے۔

وَمَا هُمْ بِضَآرِّيْنَ بِهٖ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ط

(آیت ۱۰۲)

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اسے کسی قسم کا نقصان نہ پہنچے گا اللہ تعالیٰ اسے اپنی حفظ و امان میں رکھے گا اور اس پر اپنا خصوصی فضل و کرم نازل فرمائے گا۔

عہدہ کا حصول

جو کوئی کسی خاص عہدہ کے حصول کا خواہاں ہو اور اس کے لیے بہت کوشش و محنت کرتا ہو اور چاہتا ہو کہ جلد از جلد اس کی خواہشِ منصبی پوری ہو جائے اس معاملے میں اللہ تعالیٰ کی مدد اس کے شامل حال ہو جائے تاکہ اسے جلدی کامیابی حاصل ہو جائے تو اسے چاہیے کہ روزانہ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد سورۂ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ ایک سو مرتبہ پڑھے اور پھر بارگاہِ الٰہی میں اپنے مقصد کے حصول میں کامیابی کے لیے عاجزی و انکساری کے ساتھ دُعا مانگے بفضلِ باری تعالیٰ بہت جلد اس کی دُعا کو قبولیت کا شرف حاصل ہو گا۔ اللہ رب العزت اس پر خصوصی مہربانی فرمائے گا اور

اس کا مقصد پورا ہو جائے گا۔ آیت مبارکہ یہ ہے۔

وَاللّٰهُ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ (آیت ۱۰۵)

حکومت قائم رہے

اگر کسی حاکم وقت کو اپنی حکومت کے ختم ہو جانے کا خدشہ ہو گیا ہو اور اسے اس قسم کی اطلاعات مل رہی ہوں کہ جلد ہی اس کی حکومت کا خاتمہ ہو جائے گا سازشی عناصر اس کے خلاف سازشوں میں شریک ہوں تاکہ اس کی حکومت ختم ہو جائے تو اسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد سورۂ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ بکثرت پڑھے،

اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِیٍّ وَّلَا نَصِیْرٍ

(آیات ۱۰۶ — ۱۰۷)

پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ اس عمل کی مداومت رکھے انشاء اللہ تعالیٰ سازشی عناصر اس کا کچھ نہیں بگاڑ سکیں گے۔ اللہ تعالیٰ کی مدد وحمایت اس کو حاصل ہو گی۔

بارگاہِ الٰہی میں مقبول ہونا

جو کوئی یہ چاہے کہ وہ بارگاہ الٰہی میں مقبول ومقرب بندہ بن جائے۔ اللہ تعالیٰ اسے دین و دنیا میں کامیابی وکامرانی سے ہمکنار کرے تو اسے چاہیئے کہ وہ ہر نماز کے بعد تین سو گیارہ مرتبہ سورۂ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ پڑھنے کے بعد بارگاہِ الٰہی میں نہایت خشوع وخضوع کے ساتھ دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا بارگاہ الٰہی میں قبول ہو گی اللہ تعالیٰ اس پر اپنا خصوصی فضل وکرم نازل فرمائے گا اور اسے مطلوبہ مقصد میں ضرور کامیابی ہو گی۔ آیت مبارکہ یہ ہے۔

وَلَقَدِ اصْطَفَیْنٰهُ فِی الدُّنْیَا ۚ وَاِنَّهٗ فِی الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِیْنَ ۔ (آیت ۱۳۰)

مشکل دور ہو

اگر کوئی کسی ایسی مشکل میں پھنس گیا ہو کہ جس سے نکلنے کی کوئی راہ دکھائی نہ دیتی ہو اور وہ مشکل اس کے لیے شدید پریشانی اور دشواری کا باعث بن گئی ہو جس کی وجہ سے وہ ہر وقت پریشان رہتا ہو اور چاہتا ہو کہ اللہ تعالیٰ اس کی مشکل جلد سے جلد آسان کر دے اس کی پریشانی کو رفع کر دے تو اسے چاہیے کہ وہ ہر

نماز کے بعد سورۂ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ سات مرتبہ پڑھے پھر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے۔ آیت مبارکہ یہ ہے۔

فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ

(آیت ۱۳۷)

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے چند دنوں میں ہی مشکل حل ہو جائے گی اور ہر طرح کی پریشانی دُور ہو جائے گی۔

مصیبت دُور ہو جائے

جو کوئی کسی ناگہانی مصیبت میں گرفتار ہو گیا ہو اور مصیبت ایسی ہو کہ جس کی وجہ سے اسے جانی و مالی نقصان کے ہونے کا خدشہ ہو ایسی صورت میں وہ سخت گھبراہٹ اور پریشانی محسوس کرتا ہو اور اس کا کوئی نقصان نہ ہو تو اُسے چاہیئے کہ وہ ہر نماز کے بعد اکتالیس مرتبہ یہ پڑھے،

إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ

پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد اُسے مصیبت سے خلاصی عطا ہوگی۔

مُراد کا حصُول

اگر کسی کی ایسی جائز مراد ہو جو پوری نہ ہوتی ہو اور وہ چاہتا

ہو کہ اس کی مراد پوری ہو جائے اس کی منشاء اسے حاصل ہو جائے اور جلد از جلد حاصل ہو جائے تو اُسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد دو سو مرتبہ سورۂ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ پڑھے،

وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّي قَرِيبٌ ۖ أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ ۖ فَلْيَسْتَجِيبُوا لِي وَلْيُؤْمِنُوا بِي لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُونَ ۔ (آیت ۱۸۶)

پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصد و مراد کے حصول کے لیے دُعا مانگے، انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد مُراد پوری ہوگی۔

اولاد کا حصُول

اگر کوئی اولاد کی نعمت سے محروم ہو اور اولاد کی شدید خواہش رکھتا ہو اور چاہتا ہو کہ اللہ تعالیٰ اسے اولاد کی نعمت سے سرفراز فرمائے تو اُسے چاہیے کہ وہ روزانہ نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں سورۂ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ ایک سو اکیس مرتبہ پڑھے،

فَالْآنَ بَاشِرُوهُنَّ وَابْتَغُوا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ ۔ (آیت ۱۸۷)

پھر بارگاہِ الٰہی میں عاجزی و انکساری کے ساتھ دُعا مانگے بفضل باری

تعالیٰ بہت جلد اولاد کی نعمت سے بہرہ مند ہوگا اللہ تعالیٰ اس کے مقدر میں اولاد کی نعمت عطا فرمائے گا۔

کام جلد ہو جائے

اگر کسی کا کسی سرکاری محکمہ میں کوئی ایسا جائز کام ہو جو کسی بھی طرح نہ ہو رہا ہو متعلقہ اہلکار اس کام کے کرنے کے عوض رشوت کا طالب وخواہاں ہو اور کام نہ کرتا ہو تو اُسے چاہیئے کہ باوضو حالت میں سورۂ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ پڑھے،

وَلَا تَأْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ وَتُدْلُوْا بِهَآ اِلَى الْحُكَّامِ لِتَأْكُلُوْا فَرِيْقًا مِّنْ اَمْوَالِ النَّاسِ بِالْاِثْمِ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ۔ (آیت ۱۸۸)

مذکورہ آیت مبارکہ اکتالیس مرتبہ پڑھنے کے بعد کسی میٹھی چیز پر دم کرے اور کسی طرح یہ شیرینی دم کی ہوئی متعلقہ اہلکار کو کھلا دے جو کہ یقیناً اس کو کھلانا بہت آسان ہوگا اور اس میں کوئی مشکل نہ ہوگی اگر مٹھائی پر دم کر کے کھلائے تو کھلانے میں آسانی ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے جو بھی جائز کام رُکا ہوا ہوگا وہ جلد ہو جائے گا اور متعلقہ اہلکار تنگ نہ کرے گا یقین کامل اور مکمل توجہ و یکسوئی کے ساتھ عمل کرنا شرط ہے۔

فراخئ رزق کے لیے

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کے رزق میں اضافہ ہو جائے رزق میں کمی کے باعث جو تنگدستی کی صورت حال پیدا ہو گئی ہے وہ ختم ہو جائے اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے رزق فراخ کر دے تو اُسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد سورۂ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ اکتالیس مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے تو بفضلِ باری تعالیٰ اس کے رزق میں خوب اضافہ ہوگا اللہ تعالیٰ پردۂ غیب سے مدد فرمائے گا رزق میں کمی کی شکایت رفع ہو جائے گی رزق میں اضافے کے سبب گھر میں خوشحالی کا دور دورہ ہوگا۔ آیت مبارکہ یہ ہے۔

وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ (آیت ۲۱۲)

اس کے علاوہ مذکورہ آیت مبارکہ باوضو حالت میں نہایت خوشخطی سے عرق گلاب زعفران اور سیاہ رنگ کی سیاہی سے ایک سفید کاغذ پر لکھے اور کسی گتے پر چسپاں کر کے اپنے کاروبار کی جگہ پر لٹکا دے انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں فراخی ہوگی اور کاروبار خوب ترقی کرے گا۔

حق بات معلوم ہو جائے

اگر کسی منصف کے پاس کوئی ایسا مقدمہ آ جائے کہ جس میں مُدعی اور مخالف شخص دونوں کے پاس کوئی گواہ نہ ہو اور دونوں اس

طرح سے اپنا اپنا مدعا بیان کرتے ہوں کہ معلوم ہوتا ہو کہ دونوں اپنی اپنی بات میں سچے ہیں ان کے مابین فیصلہ کرنا انتہائی دشوار اور مشکل معلوم ہوتا ہو سمجھ نہ آرہی ہو کہ آخر کار ان دونوں میں سے کس کی بات سچی ہے اور کون شخص حق پر ہے تو ایسی صورت حال میں فیصلہ کرنے والے کو چاہیئے کہ وہ فوری طور پر فیصلہ نہ کرے اور دونوں فریقین کو وقت دے دے پھر نماز عشاء کے بعد باوضو حالت میں قبلہ رُخ ہو کر بیٹھے اور نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ سورۂ بقرہ کی مندرجہ ذیل سورہ مبارکہ گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر قبلہ رُخ منہ کر کے سو جائے، آیت مبارکہ یہ ہے۔

وَاللّٰهُ يَهْدِىْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ (آیت ۲۱۳)

انشاء اللہ تعالیٰ صبح جب وہ سو کر اُٹھے گا تو اُسے حق بات کے بارے میں پتہ چل جائے گا اُس کے لیے فیصلہ کرنا آسان ہو جائے گا اور وہ دونوں کے مابین بالکل ٹھیک فیصلہ کر دے گا۔

مصیبت دُور ہو جائے

جو کوئی مصیبت و پریشانی کی حالت میں بارگاہِ الٰہی سے رجوع کرے اور یہ چاہے کہ اللہ تعالیٰ اس کی مدد کرے اور اس معاملے میں اسے آسانی عطا فرمائے مصیبت و پریشانی رفع فرمائے تو اُسے چاہیئے کہ وہ بکثرت سورۂ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ

کا ورد کرے۔

اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ (آیت ۲۱۴)

اس ورد کی مداومت رکھے اور ہر وقت پڑھتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی مصیبت دور ہو جائے گی اللہ تعالیٰ کی مدد اس کے شامل حال ہو جائے گی اور پروردگار عالم مصیبت میں اس کی مدد فرمائے گا اور اس کو آسانی عطا فرمائے گا۔

فریقین میں صُلح کے لیے

اگر کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ دو فریقین کے مابین صُلح ہو جائے جبکہ دونوں میں سے کوئی بھی صلح کے لیے آمادہ نہ ہوتا ہو ان کی اس ہٹ دھرمی کے باعث خدشہ ہو کر کہیں دو مسلمان بھائیوں کے جھگڑے کے سبب کوئی بڑا فساد پیدا نہ ہو جائے تو اس صورت حال میں جو ان کا خیر خواہ ہے اسے چاہیے کہ وہ سورۂ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ باوضو حالت میں تین سو تیرہ مرتبہ پڑھے

وَتُصْلِحُوْا بَيْنَ النَّاسِ ط وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ

(آیت ۲۲۴)

پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے اس نیک مقصد میں کامیابی کے لیے دُعا مانگے پھر کسی شیرینی یا پانی پر دم کرے اور شیرینی دونوں مخالفین کو کھلا دے اس کے بعد دونوں سے ان کی باہمی صُلح کی غرض سے

بات چیت کرے انشاء اللہ تعالیٰ دونوں صُلح پر راضی ہو جائیں گے اور ان کی صُلح خوشگوار ماحول میں ہو جائے گی۔

منصب حاصل ہو

جو کوئی کسی حکومتی منصب کے حصول کا خواہاں ہو اور اس کوشش میں ہو کہ اسے حکمرانی حاصل ہو جائے تو اُسے چاہیئے کہ وہ ہر نماز کی ادائیگی کے بعد نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ سورۂ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھے،

وَاللّٰهُ يُؤْتِيْ مُلْكَهٗ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۔

(آیت ۲۴۷)

پھر جب مقررہ تعداد کے مطابق پڑھ لے تو بارگاہِ الٰہی میں عاجزی و انکساری کے ساتھ اپنے مقصد کے حصول کے لیے دُعا مانگے انشاءاللہ تعالیٰ اس کی دُعا بارگاہِ الٰہی میں قبولیت کا شرف حاصل کرے گی اور بہت جلد اسے مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔ مگر رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا ہے۔

فتح و نُصرت حاصل ہو

اگر کسی جگہ پر مسلمانوں اور کفار کے مابین لڑائی کی صورت حال پیدا ہو گئی ہو اور دونوں فریقین لڑائی کیلئے بالکل تیاری کی حالت میں ہوں یا ان کے مابین لڑائی چھڑ گئی ہو تو چاہیے کہ ایسی حالت

میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں رجوع کرتے ہوئے سورۂ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ سات مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے،

رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۔ (آیت ۲۵۰)

انشاء اللہ تعالیٰ کفار کے مقابلے میں مسلمانوں کو فتح و نصرت حاصل ہو گی اللہ تعالیٰ غیب سے مسلمانوں کی مدد فرمائے گا اور ان کو کامیابی سے نوازے گا۔

اسہال کا عارضہ

جو کوئی اسہال کے عارضہ میں مبتلا ہو گیا ہو اور کسی طرح مرض میں افاقہ نہ ہوتا ہو تو چاہیے کہ باوضو حالت میں تین مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھے اور پانی پر دم کرکے مریض کو یہ دم کیا ہوا پانی پینے کے لیے دے مریض سارا دن یہ دم کیا ہوا پانی پینے کے لیے استعمال کرے دوسرے دن پھر اسی طرح دم کرکے پانی دے تین دن تک بلاناغہ یہ عمل کیا جائے۔ علاوہ ازیں روزانہ تین یوم تک باوضو حالت میں ایک سفید کاغذ پر عرق گلاب و زعفران سے یہ کلمات لکھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ

لکھنے کے بعد یہ کاغذ مریض کو دے کر وہ اس کو اپنے پیٹ کے اُوپر تعویز کی طرح باندھ لے بفضلِ باری تعالیٰ مرض میں جلد ہی افاقہ ہوگا اور انشاء اللہ تعالیٰ اسہال کا عارضہ جاتا رہے گا۔

یادداشت مضبوط ہو

اگر کسی کا حافظہ بہت زیادہ کمزور ہو معمولی سی بات بھی یاد نہ رہتی ہو بھول جانے کے اس مرض کے باعث اکثر شرمندگی کا سامنا کرنا پڑتا ہو اور کوشش و ارادے کے باوجود کسی بھی بات کو زیادہ دیر تک اپنے حافظے میں محفوظ نہ رکھ سکتا ہو تو اس صورت میں چاہیے کہ پنجشنبہ کے دن روزہ رکھے اور افطاری سے پہلے باوضو حالت میں چینی کی صاف پلیٹ پر عرق گلاب اور زعفران سے مندرجہ ذیل کلمات لکھے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ

لکھنے کے بعد بارش کے پانی یا عام تازہ پانی سے پلیٹ دھوئے اور اس سے روزہ افطار کرے بفضل باری تعالیٰ حافظہ خوب مضبوط ہو جائے گا یادداشت بہتر ہو جائے گی جو بھی بات یاد رکھنے کی کوشش کرے گا زیادہ عرصہ تک یاد رہے گی۔

قرض خواہ تنگ نہ کریں

جو کوئی قرض کے بوجھ تلے دبا ہوا ہو ادائیگی قرض کے لیے اس کے پاس کوئی رقم نہ ہو اور قرض خواہ اسے بہت زیادہ تنگ کرتے ہوں جس کی وجہ سے وہ بہت زیادہ پریشان ہو سمجھ میں نہ آتا ہو قرض کی رقم کہاں سے ادا کرے جبکہ قرض کی ادائیگی کے لیے رقم کا بندوبست کرنا اس کے بس میں نہ ہو تو اسے چاہیئے کہ وہ ہر روز نمازِ فجر یا نمازِ عشاء کے بعد آیۃ الکرسی اکتالیس مرتبہ پڑھے اور پھر بارگاہِ الٰہی میں عاجزی و انکساری کے ساتھ دُعا مانگے چالیس یوم تک بلا ناغہ یہ عمل کرے اس دوران انشاء اللہ تعالیٰ قرض خواہ اسے تنگ نہ کریں گے اور بہت جلد قرض کی ادائیگی کے اسباب پردۂ غیب سے پیدا ہو جائیں گے اور جلد ہی قرض بھی ادا ہو جائے گا۔

بے چینی ختم ہو جائے

اگر کسی کا دل بے چین و بے قرار ہو بلا وجہ گھبراتا ہو اور گھٹن محسوس کرتا ہو طبیعت میں سکون نہ آتا ہو تو چاہیے کہ باوضو حالت میں سات مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھے اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے۔ سات یوم تک روزانہ یہ عمل کرے اس کے علاوہ عرق گلاب

و زعفران سے ایک سفید کاغذ پر آیۃ الکرسی لکھے اور تعویذ کی طرح گلے میں اس طرح سے ڈالے کہ تعویذ دل کے مقام کے پاس رہے بفضلِ باری تعالیٰ قلبی بے چینی دُور ہو جائے گی اور دل کی گھبراہٹ بھی ختم ہو جائے گی۔

احتلام کا عارضہ

جس کو بلا وجہ کثرت سے احتلام ہوتا ہو کسی بھی طرح احتلام کی شکایت رفع نہ ہوتی ہو خواب میں شیطان تنگ کرتا ہو بُرے خیالات آتے رہتے ہوں اس وجہ سے وہ بہت زیادہ پریشان ہو تو اُسے چاہیے کہ وہ رات کو سونے سے قبل باوضو حالت میں بستر پر لیٹے اور اپنے سینے پر ہاتھ رکھ کر تین مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھے اور اپنے سینہ پر دم کرے اور قبلہ رُخ منہ کر کے سو جائے بفضل باری تعالیٰ بفضلِ تعالیٰ شیطانی وساوس و بُرے خیالات نہ آئیں گے کثرتِ احتلام کا عارضہ ختم ہو جائے گا اور نیند سکون و آرام سے آئے گی۔

حسبِ منشاء تبادلہ ہو جائے

اگر کوئی یہ چاہے کہ اس کا فلاں جگہ پر تبادلہ ہو جائے اور یہ تبادلہ اس کی نیک نیتی پر منحصر ہو کسی رشوت یا لالچ کی بنا پر نہ ہو اور اپنے مقصد کے حصول کے لیے اس کے پاس کوئی سفارش

نہ ہو تو اسے چاہیئے کہ وہ روزانہ نمازِ عشاء کی ادائیگی کے بعد اکتالیس مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دُعا مانگے۔ چالیس یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے اگر کسی مجبوری کی وجہ سے کسی روز ناغہ ہو تو دن شمار کر کے بعد میں پورے کرے۔ توجہ و یکسوئی کے ساتھ عمل کرے اور خلوص دِل سے بارگاہِ الٰہی میں دُعا مانگے انشاءاللہ تعالیٰ بہت جلد حسبِ منشاء جگہ پر اس کا تبادلہ ہو جائے گا۔

بخار اُتر جائے

اگر کوئی بخار میں مبتلا ہو بخار کی شدت کم نہ ہوتی ہو کسی بھی دوائی سے معمولی سا افاقہ بھی نہ ہوتا ہو تو ایسی صورت میں چاہیے کہ ایک صاف لکڑی لے کر مریض کو اپنے سامنے بٹھائے اور مریض کے چاروں طرف مندرجہ ذیل آیت مبارکہ تین تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے

ذٰلِكَ تَخْفِيفٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ۗ فَمَنِ
اعْتَدَىٰ بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهُ عَذَابٌ أَلِيمٌ

پڑھنے کے بعد ہر مرتبہ لکڑی کو زمین پر مارے انشاء اللہ تعالیٰ بخار کا زور ختم ہو جائے گا اور بخار اُتر جائے گا انتہائی مجرب و آزمودہ عمل ہے۔

دُودھ میں زیادتی ہو

جس عورت کے دُودھ میں کمی واقع ہوگئی ہو شیر خوار بچے کو اس کی پوری خوراک نہ ملتی ہو عورت اس معاملے میں بہت زیادہ پریشان ہو کسی بھی طرح دودھ میں زیادتی نہ ہوتی ہو تو اس مقصد کے لیے چاہیئے کہ باوضو حالت میں سورۂ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ عرق گلاب، خالص شہد اور زعفران سے روٹی کے ایک ٹکڑے پر لکھے،

ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ فَهِيَ
كَالْحِجَارَةِ اَوْ اَشَدُّ قَسْوَةً ط سے وَمَا اللّٰهُ
بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ تک۔

لکھنے کے بعد یہ روٹی بھینس کے دُودھ میں ملا کر عورت کو کھلائے انشاءاللہ تعالیٰ دودھ زیادہ ہوجائے گا۔

خلل اُمّ الصّبیان

اگر کسی بچے کو ام الصبیان کا عارضہ لاحق ہوگیا اور آرام نہ آتا ہو بچہ دن بدن کمزور ہوتا جارہا ہو تو چاہیے تو سوا بالشت نے لیکر چاقو یا چھری لے کر جڑ کی طرف سے بچہ کے پیٹ پر پھرائے اور سورۂ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ

وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا ط وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ
مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ o فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا ط
كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى لا وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ
لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ o (آیات ۷۲-۷۳)

تین مرتبہ دم کرے اور پھر اس نے کو کسی ویران گوشہ یا صحرا میں خوب اچھی طرح دم کرے دوسرے دن بھی اسی طرح عمل کرے یعنی روزانہ بلاناغہ سات یوم تک یہ عمل کرے انشاءاللہ تعالیٰ تین دن میں ہی اثر ظاہر ہونا شروع ہوجائے گا اُم الصبیان سے خلاصی ہوگی پروردگار عالم اپنے فضل وکرم سے مکمل طور پر صحت یابی عطا فرمائے گا۔

حسبِ منشاء بیداری کیلئے

اگر کسی کی نیند ایسی پکی ہو کہ وہ جب سوجائے تو اُسے کسی قسم کی ہوش نہ رہتی ہو جس وقت پر وہ جاگنے کا خواہاں ہو اور وقت پر اس کی آنکھ نہ کھلتی ہو بہت کوشش کرچکا ہو کہ حسبِ منشاء وقت پر اُس کی جاگ کُھل جائے مگر اپنے مقصد میں کامیابی نہ ہوتی ہو تو اسے چاہیے کہ سونے سے قبل وضو کرے اور بستر پر لیٹ کر سونے سے پہلے مندرجہ ذیل آیت مبارکہ تین مرتبہ پڑھے،

وَاِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَاَمْنًا ط وَ

اتَّخِذُوا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهِيمَ مُصَلًّى ؕ وَعَهِدْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهِيمَ وَاِسْمٰعِيلَ اَنْ طَهِّرَا بَيْتِيَ لِلطَّآئِفِيْنَ وَالْعٰكِفِيْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ۔ (آیت ۱۲۵)

پڑھنے کے بعد اپنے دل پر دم کرے اور قبلہ رُخ منہ کر کے آنکھیں بند کر کے سو جائے دل میں اس وقت کا تصور کرلے کہ جس وقت اُٹھنے کا وہ خواہاں ہے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے جس وقت چاہے گا بیدار ہو جائے گا اُس وقت پر اس کو جاگ آجائے گی نیند بھی سکون و آرام سے آئے گی اور حسبِ منشاء وقت پر نیند سے بیدار بھی ہو جائے گا۔ اس مقصد کے لیے یہ آزمودہ اور مجرب عمل ہے۔

قوتِ حافظہ کیلئے

اگر کسی کی قوتِ حافظہ بہت زیادہ کمزور ہو زیادہ دیر تک بات کو یاد نہ رکھ سکتا ہو تو اسے چاہیے کہ چاند کے مہینہ کی پہلی جمعرات کے دن روزہ رکھے اور جمعرات کے دن باوضو حالت میں چینی کی صاف اور پاک پلیٹ یا کسی بھی پاک برتن میں مشک و زعفران اور خالص شہد سے سورۂ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیاتِ مبارکہ لکھے،

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓمّٓ ۚ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۚ فِيْهِ ۚ هُدًى

لِّلْمُتَّقِيْنَ ۙ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۙ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۙ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ

(آیات ۱ تا ۵)

لکھنے کے بعد کنویں کے پانی سے دھو کر افطاری کے وقت اور رات کو پی لے چند جمعرات تک اسی طرح کرے یعنی سات جمعرات تک یہ عمل کرے دن میں روزہ رکھے اور اسی طرح آیات مبارکہ لکھنے کے بعد کنویں کے پانی سے دھو کر پی لے انشاء اللہ تعالیٰ قوتِ حافظہ بہت زیادہ مضبوط ہو جائے گی حافظہ کی کمزوری نہ رہے گی جو بھی بات یاد کرے گا تا دیر تک حافظے میں محفوظ رہے گی یادداشت کی بہتری کے لیے لاجواب عمل ہے۔

زبان بندی کیلئے

جس کسی کو ظالم دشمن کی زبان درازی سے نقصان پہنچنے کا خدشہ ہو اور دشمن کسی بھی طرح باز نہ آتا ہو تو دشمن کی زبان بندی کی غرض سے چاہیے کہ باوضو حالت میں سورۂ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ اکتالیس مرتبہ پڑھے۔

صِبْغَةَ اللّٰهِ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً وَّ
نَحْنُ لَهٗ عٰبِدُوْنَ۔ (آیت ۱۳۸)

پڑھنے کے بعد تین بار العجل تین بار الوحا اور تین مرتبہ الساعہ کہنے کے بعد لوہے کی کیل پر دم کرے دشمن کا تصور کرے اور مکان میں کیل گاڑ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کی زبان بندی ہو جائے گی اور وہ نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

حاکم مہربان ہو جائے

جو کوئی یہ چاہے کہ حاکم وقت اس پر مہربان ہو جائے اس کا جو بھی جائز کام ہے حسب منشاء ہو جائے حاکم اس کے ساتھ خوش اخلاقی اور خصوصی توجہ سے پیش آئے تو اُسے چاہیے کہ نماز فجر کے بعد قبلہ رُخ بیٹھے اور باوضو حالت میں ایک سو مرتبہ مندرجہ ذیل آیت مبارکہ نہایت توجہ و یکسوئی سے پڑھے،

فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔

پڑھنے کے بعد بارگاہ الٰہی میں اپنے مقصد کے حصول میں کامیابی کے لیے عاجزی و انکساری کے ساتھ دُعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ اُس کی دُعا قبول ہو گی سات یوم تک روزانہ بلا ناغہ یہ عمل کرے اس کے بعد حاکم کے پاس جائے بفضل باری تعالیٰ حاکم مہربانی کے ساتھ پیش آئے گا اور اس پر خصوصی نوازش کرے گا۔

نظرِ بد سے حفاظت

اگر کسی بچے کو نظر بد لگ گئی ہو جس کی وجہ سے بچہ بیمار ہو گیا ہو تو نظر بد دُور کرنے کی غرض سے سورۂ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ کو اکابرین کرام نے ایک قلعہ کہا ہے اور کہا ہے کہ یہ آیت مبارکہ نظر بد سے حفاظت کے لیے قلعہ کی مانند ہے یعنی جس بچے کے گلے میں اس آیت مبارکہ کا تعویذ ہو گا کوئی بھی نظر بد اس کا کچھ نہ بگاڑ سکے گی۔ آیت مبارکہ یہ ہے۔

خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ وَعَلٰٓى
اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ
(آیت ۷)

اس آیت مبارکہ کو باوضو حالت میں سفید کاغذ پر عرق گلاب اور زعفران سے سات مرتبہ لکھے اور تعویذ کی طرح بچے کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ نظر بد سے حفاظت رہے گی اور اگر بچے کو بُری نظر لگ گئی ہو گی تو اس آیت مبارکہ کی برکت کے طفیل نظر بد دُور ہو جائے گی بچہ صحت یاب ہو جائے گا۔ نظر بد دور کرنے کے لیے یہ نہایت مجرب و آزمودہ عمل ہے۔

کرایہ دار سے مکان خالی کرانا

اگر کسی شریف آدمی کا مکان کرایہ دار نے ناحق قبضہ میں کر لیا ہو نہ ہی کرایہ دیتا ہو اور نہ ہی مکان خالی کرتا ہو کسی بھی طرح راہ راست پر نہ آتا ہو ڈھٹائی سے کام لیتا ہو اور الٹا دھمکیاں بھی دیتا ہو جس کی وجہ سے وہ شریف آدمی بہت پریشان ہو اور چاہتا ہو کہ کسی طرح ظالم کرایہ دار سے جان چھوٹے اور وہ اس کا مکان خالی کر دے تو اسے چاہیئے کہ وہ چاند کے مہینے کی پہلی جمعرات کو نمازِ ظہر کی ادائیگی کے بعد گیارہ سو مرتبہ مندرجہ ذیل آیت مبارکہ نہایت توجہ و یکسوئی سے پڑھے،

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ۔ بِسْمِ اللّٰہِ
الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَلَنْ یَّتَمَنَّوْہُ اَبَدًا بِمَا قَدَّمَتْ
اَیْدِیْھِمْ وَاللّٰہُ عَلِیْمٌ بِالظّٰلِمِیْنَ ۔ (آیت ۹۵)

پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصد میں کامیابی کے لیے دعا مانگے جمعرات کے دن سے لے کر سات یوم تک روزانہ بلا ناغہ یہ عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ سات یوم کا کیا ہوا یہ عمل انتہائی کارگر ثابت ہو گا۔ اس آیت مبارکہ کی برکت سے بفضل باری تعالیٰ مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو گی۔ ظالم کرایہ دار راہِ راست پر آجائے گا اور جلد ہی اُس کا مکان خالی کر دینے پر آمادہ ہو جائے گا پھر

بہت جلد مکان کرایہ دار کے قبضہ سے چھوٹ جائے گا۔

خونی بواسیر کا علاج

اگر کسی کو خونی بواسیر کا عارضہ لاحق ہو گیا ہو بہت سے علاج کروا کر تنگ آگیا ہو بیماری میں کسی بھی طرح افاقہ نہ ہوتا ہو دن بدن تکلیف بڑھتی جاتی ہو تو اس خونی بواسیر کے عارضہ سے نجات حاصل کرنے کی غرض سے بعض عارفین کا کہنا ہے کہ سورہ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ

وَاِذْ یَرْفَعُ اِبْرٰھٖمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَیْتِ وَ
اِسْمٰعِیْلُ ؕ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ؕ اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ
الْعَلِیْمُ ۝ رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَیْنِ لَکَ وَمِنْ
ذُرِّیَّتِنَآ اُمَّۃً مُّسْلِمَۃً لَّکَ ۠ وَاَرِنَا مَنَاسِکَنَا
وَتُبْ عَلَیْنَا ۚ اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ ۝ رَبَّنَا
وَابْعَثْ فِیْھِمْ رَسُوْلًا مِّنْھُمْ یَتْلُوْا عَلَیْھِمْ اٰیٰتِکَ
وَیُعَلِّمُھُمُ الْکِتٰبَ وَالْحِکْمَۃَ وَیُزَکِّیْھِمْ ؕ اِنَّکَ
اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ۝ (آیات ۱۲۷ تا ۱۲۹)

عرق گلاب اور زعفران سے شیشے کی کسی پلیٹ یا برتن پر لکھے اور سیاہ انگور کے پانی سے دھو کر اس میں قدرے گھر بار کا فور اور تھوڑی سی شکر ملا کر مریض کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ اس سے

خونی بواسیر دُور ہو جائے گی سات یوم تک روزانہ بلاناغہ یہ عمل کرے بفضل باری تعالیٰ دن بدن مرض میں افاقہ ہو گا رفتہ رفتہ بیماری مکمل طور پر دُور ہو جائے گی پروردگار عالم ان آیات مبارکہ کی برکت کے طفیل شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا۔

بھاگا ہُوا واپس آئے

اگر کسی کا کوئی عزیز یا بیٹا یا بیٹی گھر سے بھاگ گئی ہو اور اس کے بارے میں کچھ پتہ نہ چلتا ہو کہ وہ کہاں پر ہے کافی تلاش بسیار کر چکا ہو اور اس کی واپسی کے بارے میں بہت فکر مند ہو کہ کسی طرح اُس کی واپسی ہو جائے تو اس صورتحال میں چاہیے کہ مندرجہ ذیل آیت مبارکہ

اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِیَارِھِمْ وَ
ھُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ ص فَقَالَ لَھُمُ اللّٰہُ
مُوْتُوْا نف ثُمَّ اَحْیَاھُمْ ط اِنَّ اللّٰہَ لَذُوْ فَضْلٍ
عَلَی النَّاسِ وَلٰکِنَّ اَکْثَرَ النَّاسِ لَا یَشْکُرُوْنَ۔

(آیت ۲۴۳)

باوضو حالت میں سفید اور پاک صاف کپڑے کے گول ٹکڑے پر لکھے اس کے نیچے بھاگے ہوئے کا نام اور اس کی والدہ کا نام لکھے اور جس گھر سے بھاگا ہو اس گھر کی دیوار میں

دبا کر رکھ دیں اس کے علاوہ مذکورہ آیت مبارکہ ہر نماز کے بعد سات مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگی جائے انشاء اللہ تعالیٰ بھاگا ہوا جہاں کہیں بھی ہو گا جلد ہی اس کی واپسی ہو گی اور اس کے بارے میں معلوم ہو جائے گا کہ وہ کہاں پر ہے تین یا سات یوم کے اندر اندر واپس آ جائے گا اور گھر سے اگر کوئی چیز مال یا سامان وغیرہ لے کر گیا ہے تو اُس کی بھی واپسی ہو جائے گی بھاگے ہوئے کو واپس لانے کے لیے یہ عمل نہایت مجرب و آزمودہ ہے۔

ظالم دشمن کی بربادی

ایسا ظالم دشمن جس کے شر سے کوئی بھی محفوظ نہ ہو ہر کسی کو نقصان پہنچانے کے درپے رہتا ہو کسی بھی طرح باز نہ آتا ہے اللہ تعالیٰ کی مخلوق اس کے شر سے بہت تنگ و پریشان ہو تو ایسے میں جو کوئی یہ چاہے کہ ظالم دشمن کی بربادی ہو جائے اس کے گھر میں ویرانی پھیل جائے تاکہ ظالم لوگوں کو نقصان پہنچانے سے باز آ جائے اس کے علاوہ اور کوئی راستہ دکھائی نہ دیتا ہو تو پھر چاہیے کہ ہفتہ کے دن کسی پرانے اور قدیمی قبرستان میں جا کر تھوڑی سی مٹی لے کر آئے اور تھوڑی سی مٹی کسی ایسے ویران مکان کی لائے کہ جس کے مکین مر گئے ہوں اس مٹی کو پانی سے

گوندھ کر ایک ٹھیکری سی بنائے اور عرق گلاب و زعفران سے مندرجہ ذیل آیت مبارکہ لکھے،

يَآاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ
وَالْاَذٰى كَالَّذِيْ يُنْفِقُ مَالَهٗ رِئَآءَ النَّاسِ
وَلَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ فَمَثَلُهٗ
كَمَثَلِ صَفْوَانٍ عَلَيْهِ تُرَابٌ فَاَصَابَهٗ وَابِلٌ
فَتَرَكَهٗ صَلْدًا ؕ لَا يَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَيْءٍ مِّمَّا كَسَبُوْا ؕ
وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ۔ (آیت ۲۶۴)

لکھنے کے بعد ہاتھ سے ٹھیکری کو خوب باریک مٹی کی طرح کر کے اس کی پوٹلی بنائے جو کہ چھوٹی سی ہو اور ہفتہ کے دن پہلی ساعت میں ظالم کے گھر کی دیوار یا دروازے کے اوپر دبا کر چھپا دے کہ کسی کو دکھائی نہ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو گی۔

ظالم کی قید سے رہائی

اگر کسی شخص کو ظالم حاکم نے بلاوجہ قید میں ڈال دیا ہو اور اس پر جھوٹے مقدمے قائم کر دیئے ہوں اس کی رہائی کی کوئی ممکن صورت دکھائی نہ دیتی ہو تو اس بارے میں چاہیئے کہ سورہ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ باوضو حالت میں ایک سفید کاغذ

پر لکھ کر اپنے پاس رکھے اور نہایت حفاظت و احتیاط سے رکھے،

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ
مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ
وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ؕ وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ
ظَلَمُوْٓا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا وَّ
اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ ۔ (آیت ۱۶۵)

اس کے علاوہ ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے اپنی رہائی کے لیے دُعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ اس آیت مبارکہ کی برکت سے اسے بہت جلد رہائی مل جائے گی۔

قرآن پاک کبھی نہ بھولے

جو کوئی یہ چاہے کہ وہ جس قدر قرآن پاک پڑھے اسے یاد رہے اور جلدی حفظ ہو جائے اُس کا حافظہ مضبوط ہو جائے تو اُسے چاہیے کہ وہ رات کو سونے سے قبل باوضو حالت میں سورہ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ ان کو پڑھنے کا معمول بنا لینے سے قرآن مجید خوب یاد رہتا ہے اور ذہن سے فراموش نہیں ہو سکتا۔ آیات مبارکہ یہ ہیں۔

وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ
الرَّحِيْمُ ۝ اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ

الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِیْ تَجْرِیْ فِی الْبَحْرِ بِمَا يَنْفَعُ النَّاسَ وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ مَّآءٍ فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ وَّتَصْرِيْفِ الرِّيٰحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۔ (آیات ۱۶۳ تا ۱۶۴)

ان آیات مبارکہ کو روزانہ رات کو سونے سے پہلے پڑھ کر اپنے قلب پر دم کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ حافظہ خوب مضبوط ہو جائے گا یہ مجرب و آزمودہ عمل مشہور ولی اللہ حضرت شیخ کلیم اللہ ولی شاہجہاں آبادی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے مخصوص اوراد و اعمال میں سے ہے۔

زنانہ امراض کیلئے

عورتوں کے مخصوص اور پیچیدہ امراض میں شفا بخش علاج کے ضمن میں سورۂ بقرہ کی ذیل میں دی ہوئی آیت مبارکہ نہایت ہی پُراثر اور فائدہ مند ہے اس مقصد کے لیے چاہیئے کہ ہفتہ یا پیر یا جمعرات کے دن نماز فجر کی ادائیگی کے بعد سے اس طرح عمل شروع کرے کہ نماز فجر ادا کرنے کے بعد مصلّے پر بیٹھ کر پہلے گیارہ مرتبہ درودِ پاک پڑھے پھر سورہ بقرہ کی یہ آیت مبارکہ گیارہ مرتبہ پڑھے۔

فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

اس کے بعد پھر گیارہ مرتبہ درودِ پاک پڑھے اور پانی پر دم کرے یہ دم کیا ہوا پانی عورت کو پینے کے لیے دے انشاء اللہ تعالیٰ اس سے مرض میں افاقہ ہو گا اور بہت جلد شفائے کاملہ حاصل ہو گی عورت کے ہر مرض کے لیے فائدہ مند ہے جس دن یہ عمل کرے اُس دن سے لے کر سات یوم تک روزانہ بلا ناغہ اسی طرح بفضلِ باری تعالیٰ بہت فائدہ ہو گا۔

زیادتی دُودھ کیلئے

بچے کو دُودھ پلانے والی عورت کے دُودھ میں اگر کمی واقع ہو گئی ہو تو دُودھ میں زیادتی کی غرض سے چاہیے کہ چینی کی رکابی پر عرقِ گلاب، شہد خالص اور زعفران سے باوضو حالت میں مندرجہ ذیل آیۃ مبارکہ لکھے۔

اِنَّ الْبَقَرَ تَشٰبَهَ عَلَيْنَا ط وَاِنَّآ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ لَمُهْتَدُوْنَ ۔ (آیت ۷۰)

لکھنے کے بعد تازہ پانی سے دھو کر عورت کو پلائے سات یوم تک بلا ناغہ یہ عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ دُودھ میں زیادتی ہو جائے گی یہ مجرب و آزمودہ عمل ہے۔

چور کی پہچان کے لیے

اگر کسی شخص کی چوری ہو گئی ہو اور اُسے کسی شخص پر شک ہو مگر اس کا اظہار اس لیے نہ کرتا ہو کہ کہیں اُس کا وہم نہ ہو تو چور کی پہچان کی غرض سے چاہیے کہ جَو کے آٹے کی روٹی با وضو حالت میں آٹا گوندھ کر پاک صاف توے پر پکائے روٹی پر عرق گلاب و زعفران و خالص شہد سے یہ آیت مبارکہ لکھے،

وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا ۭ وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ۔ (آیت ۷۲)

لکھنے کے بعد روٹی کے بہت سے ٹکڑے کرے اور آیت مذکورہ کو تین مرتبہ پڑھ کر ان پر دم کر دے پھر جن اشخاص پر اُسے شک ہے اُن سب کو جمع کرے اور ہر ایک کو روٹی کا ٹکڑا دے ہر ایک کو الگ الگ کھلائے جو شخص چور ہو گا وہ اس ٹکڑے کو نہ کھا سکے گا اس طرح چور کی پہچان ہو جائے گی۔

باغ پھل دینے لگے

اگر کوئی باغ اُجڑ گیا ہو اُس میں لگے ہوئے پھلدار درختوں پر پُوری طرح پھل نہ لگتا ہو بہت کم پھل لگتا ہو تو ایسی صورت میں چاہیے کہ پنجشنبہ کے دن کا روزہ رکھے اور پنجشنبہ کے دن نمازِ

مغرب کی ادائیگی کے بعد بغیر کسی سے کلام کیے ایک سفید کاغذ پر مندرجہ ذیل آیت مبارکہ لکھے۔

وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَھُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۭ كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا ۙ قَالُوْا ھٰذَا الَّذِيْ رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ ۙ وَاُتُوْا بِهٖ مُتَشَابِهًا ۭ وَلَهُمْ فِيْهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ڎ وَّھُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ۔

(آیت ۲۵)

لکھنے کے بعد ایک تعویذ کی طرح بنائے اور دھاگہ لپیٹ کر باغ کے درمیان میں ایک درخت پر شاخ کے ساتھ باندھ دے اور اس درخت سے ایک پھل توڑ کر کھا لے اگر پھل نہ ہو تو اس درخت کا ایک پتہ لے کر کھائے اور تین گھونٹ پانی پی کر وہاں سے چلا آئے بفضل باری تعالیٰ اس باغ میں بہت برکت پیدا ہو جائے گی اور باغ کے درخت بہت زیادہ پھل لائیں گے۔

دِلی راز معلوم ہو جائے

جو کوئی یہ چاہے کہ کسی دوسرے شخص کے دِل میں چھُپا ہوا راز اس پر ظاہر ہو جائے جبکہ وہ شخص جس نے بھید چھُپایا ہوا ہو وہ کسی پر بھی بھید ظاہر نہ کرنا چاہتا ہو تو اپنے مقصد کے حصُول

کی غرض سے چاہیے کہ باوضو حالت میں سورۃ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ اپنی ہتھیلی پر لکھے،

وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا كَذٰلِكَ يُحْيِي اللّٰهُ الْمَوْتٰى وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ۔

ہتھیلی پر لکھنے کے بعد اپنا ہاتھ اُس سوئے ہوئے شخص کے سینے پر رکھ دے جس کے سینے میں راز پوشیدہ ہے تو انشاء اللہ تعالیٰ وہ شخص اپنے سینے میں چھپی ہوئی بات بتادے گا۔

دشمن دفع ہو جائے

ایسا ظالم دشمن جو نقصان پہنچانے کا کوئی بھی موقع ہاتھ سے جانے نہ دیتا ہو اور کسی بھی طرح باز نہ آتا ہو نہ ہی صُلح کی طرف راغب ہوتا ہو تو اس کے شر سے محفوظ رہنے کی غرض سے چاہیے کہ مندرجہ ذیل آیت مبارکہ نئی تختی پر لکھے،

وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ فَتُوْبُوْا اِلٰى بَارِئِكُمْ فَاقْتُلُوْا اَنْفُسَكُمْ۔

اس کے ساتھ دشمن اور اس کی والدہ کا نام لکھے اور اگر دشمن کو زیر کرنا مقصود ہو تو دشمن کا نام معہ اس کی والدہ کا نام لے کر

پکارے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن بلا میں مبتلا ہو جائے گا کسی ایسی مصیبت میں مبتلا ہو جائے گا کہ جس کے باعث کسی کو بھی نقصان پہنچانے کا ہوش نہ رہے گا مگر یہ عمل ایسے شخص کے لیے کرنا روا ہے جو کہ نہایت ظالم اور شر پسند ہو۔

سانپ اور کُتے کا کاٹا

اگر کسی کو باؤلے کُتے نے کاٹ لیا ہو تو چاہیئے کہ سورۃ بقرہ میں موجود اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ اَلْعَلِیْمُ الْحَکِیْمُ کو باوضو حالت میں چینی کی پلیٹ پر لکھے اور دھو کر اس شخص کو پلا دے جس کو کُتے نے کاٹا ہو انشاء اللہ تعالیٰ فوری طور پر شفاء حاصل ہو گی۔ اور اگر کسی کو سانپ نے کاٹ لیا ہو تو ان دونوں اسمائے حسنیٰ کو لکھ کر زیتون کے تیل میں ملا کر سانپ کے کاٹے کو کھلائے انشاء اللہ تعالیٰ فوراً افاقہ ہو گا۔

دفینہ معلوم کرنا

اگر کسی جگہ پر دفینہ پائے جانے کا شبہ ہو اور درست جگہ کی نشاندہی نہ ہوتی ہو تو اس بارے میں بعض عارفین سے منقول ہے کہ باوضو حالت میں ایک کاغذ پر عرق گلاب اور زعفران سے سورۃ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ لکھے،

وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا ۭ وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ
مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ۝ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا ۭ
كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى ۙ وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ
لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۔ (آیات ۷۲ - ۷۳)

اس کے بعد سورۂ شعراء لکھے اور ایک ہی رنگ کے مُرغ کی گردن میں جس کے سر کا تاج شاخ در شاخ ہو باندھ کر اُس جگہ پر چھوڑ دے کہ جہاں پر دفینہ کا شبہ ہو جس جگہ پر دفینہ ہوگا وہاں پر مُرغ کھڑا ہو کر بانگ دے گا اور اگلے دن مر جائے گا مگر دفینہ کا پتہ چل جائے گا۔

ظالم کا ذہن مفلوج کرنا

ایسا ظالم شخص جو بہت ذہین ہو لیکن اپنی ذہانت کو مخلوقِ خدا کو تکلیف پہنچانے کے لیے استعمال کرتا ہو ظلم وستم کے نت نئے طریقے ایجاد کر کے انسانوں کو تکلیف پہنچاتا ہو اور کسی بھی طرح باز نہ آتا ہو تو ایسے ظالم شخص کو ذہنی مفلوج کرنے کی غرض سے چاہیے کہ سورۂ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ باوضو حالت میں میٹھی روٹی یا کسی بھی مٹھائی پر لکھے۔

وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ۭ
خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاسْمَعُوْا ۭ قَالُوْا

سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا ۤ وَاُشْرِبُوْا فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْعِجْلَ
بِكُفْرِهِمْ ۭ قُلْ بِئْسَمَا يَاْمُرُكُمْ بِهٖٓ اِيْمَانُكُمْ
اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۔

لکھنے کے بعد مٹھائی اس ظالم شخص کو کھلا دے یہ عمل شنبہ کے دن کرے انشاء اللہ تعالیٰ مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی اور ظالم شخص کا ذہن لوگوں کو تکلیف دینے کے طریقے ایجاد کرنے پر قادر نہ ہو سکے گا اس معاملے میں اس کا ذہن مفلوج ہو جائے گا۔

دُشمن کو زیر کرنا

اگر کسی کا دشمن بہت زیادہ طاقتور اور بااثر ہو تو ایسے شخص کے شر سے محفوظ رہنے اور اس کو زیر کرنے کی غرض سے چاہیئے کہ مندرجہ ذیل آیت مبارکہ باوضو حالت میں لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۔

اس کے علاوہ ہر فرض نماز کے بعد تین سو تین مرتبہ یہی آیت مبارکہ پڑھے پھر پوری آیۃ الکرسی پڑھ کر آخر میں بحقِ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ کہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن زیر ہو جائے گا پروردگارِ عالم اپنے فضل وکرم سے دشمن کے شر سے محفوظ رکھے گا اور اپنی حفظ وامان میں رکھے گا۔

دِل کی سختی دُور کرنا

اگر کسی شخص کا قلب بہت زیادہ سخت ہوگیا ہو رحم اور ترس اس کے دل سے نکل گیا ہو اذیت پسند ہوگیا ہو دوسرے لوگوں کو تکلیف پہنچانے میں راحت محسوس کرتا ہو کسی طرح راہِ راست پر نہ آتا ہو اس کا مزاج اس قدر بگڑ چکا ہو کہ اپنے گھر والوں کو بھی پریشان کرتا ہو اور گھر والے اس کی عادت اور مزاج سے بہت تنگ ہوں تو اُس شخص کو راہ راست پر لانے کی غرض سے چاہیئے کہ ایک کوری پاک صاف ٹھیکری پر آس کی لکڑی سے باوضو حالت میں اس شخص کا نام اور اس کی والدہ کا نام لکھے اور تھوڑا سا شہد جس کو آنچ نہ لگی ہو اور تھوڑا سا انگوری سرکہ لے کر ان دونوں کو ملائیں اور اس آمیزے سے مندرجہ ذیل آیت مبارکہ اس نام کے گرد لکھ دے۔

ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ فَهِيَ
كَالْحِجَارَةِ اَوْ اَشَدُّ قَسْوَةً ۭ وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ
لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ ۭ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ
فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَاۗءُ ۭ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ
خَشْيَةِ اللّٰهِ ۭ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ۔

(آیت ۷۴)

لکھنے کے بعد اس ٹھیکری کو اس برتن میں ڈال دیں جس سے کہ وہ شخص پانی پیتا ہو یا کسی بڑے کولر وغیرہ میں ڈال دیں اور اس سے اس شخص کو پانی پلایا جائے جب بھی وہ پانی مانگے گھر والے اسی ٹھیکری والے برتن سے ہی اس کو پانی دیں انشاءاللہ تعالیٰ اس آیت مبارکہ کی برکت سے اس شخص کے دل کی سختی دُور ہو جائے گی اس کی قلبی قساوت دور ہو جائے گی اور وہ دِلی طور پر انتہائی نرم مزاج ہو جائے گا۔

بدمعاش شخص کو زیر کرنا

اگر کوئی بدمعاش شخص اہل محلہ کو تنگ کرتا ہو اس کی حرکتوں سے سب لوگ نالاں و تنگ ہوں مگر اس کے خوف سے کوئی بھی شریف آدمی اس کا سامنا نہ کرتا ہو جس کی وجہ سے اس کی اوچھی حرکات میں دن بدن اضافہ ہوتا جاتا ہو تو ایسے بدمعاش شخص کے شر سے محفوظ رہنے اور اس کو تباہ کرنے کی غرض سے چاہیے کہ مندرجہ ذیل آیت مبارکہ باوضو حالت میں نماز عصر کے بعد تین سو اکیس مرتبہ پڑھے،

وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّفَسَدَتِ
الْاَرْضُ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ ذُوْ فَضْلٍ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ۔

(آیت ۲۵۱)

پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے سات یوم تک بلاناغہ

روزانہ یہ عمل کرے بفضلِ باری تعالیٰ ظالم اور بدمعاش شخص دفع ہوگا اور اہل محلہ کو تنگ نہ کرے گا اللہ تعالیٰ اس کے شر سے سب کو محفوظ فرمائے گا۔

لڑائی رُک جائے

اگر دو فریقین کے مابین اس قدر تنازعہ پیدا ہو گیا ہو کہ دونوں ایک دوسرے سے لڑنے پر تیار ہو گئے ہوں اور خدشہ ہو کہ ان دونوں کے مابین کسی بھی وقت لڑائی ہو سکتی ہے جس کی وجہ سے بہت زیادہ خرابی پیدا ہونے کا اندیشہ دکھائی دیتا ہو تو جو کوئی یہ چاہے کہ ان کے مابین لڑائی رُک جائے اور وہ لڑائی نہ کریں تو اسے چاہیے کہ وہ باوضو حالت میں ایک سو اکتالیس مرتبہ مندرجہ ذیل آیت مبارکہ پڑھے،

وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلُوْا قف وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ
مَا يُرِيْدُ ۔ (آیت ۲۵۴)

پھر نہایت عاجزی وانکساری کے ساتھ بارگاہِ الٰہی میں دُعا مانگے اِنشاءاللہ تعالیٰ اس کی دُعا بفضلِ باری تعالیٰ قبول ہوگی اور دونوں کے مابین ہونے والی لڑائی رُک جائے گی اور دونوں لڑائی نہ کریں گے۔

مشکل دُور ہو جائے

اگر کسی پر کوئی ایسی مشکل آن پڑی ہو کہ جس سے نکلنے اور بچنے کی اسے کوئی راہ دکھائی نہ دیتی ہو اور اس وجہ سے وہ بہت زیادہ پریشان ہو تو اسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد اکہتر مرتبہ مندرجہ ذیل آیۃ مبارکہ پڑھے،

اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ
اِلَى النُّوْرِ ۔ (آیت ۲۵۷)

پڑھنے کے بعد مشکل کے حل کے لیے اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے سات یوم تک بلاناغہ ہر نماز کے بعد یہ عمل کرے انشاءاللہ تعالیٰ چند دنوں میں ہی مشکل حل ہو جائے گی پروردگارِ عالم پردۂ غیب سے ایسے اسباب پیدا فرما دے گا کہ جس سے مشکل دور ہو جائے گی اور پریشانی راحت میں بدل جائے گی۔

جاڑے کا بُخار

جو کوئی جاڑے کے بخار میں مبتلا ہو کسی بھی دوائی سے مرض میں افاقہ نہ ہوتا ہو تو پیپل کے درخت کے تین پتے لے کر ان کو تازہ پانی سے دھو کر صاف کرے اور باوضو حالت میں تینوں پتوں پر عرقِ گلاب اور خالص شہد سے مندرجہ ذیل آیت مبارکہ

لکھے۔ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝
لکھنے کے بعد مریض کو چٹادے تین یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ لرزہ نہ آئے گا ایک گھنٹہ قبل چٹانا ضروری ہے اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا یہ عمل نہایت مجرب وآزمودہ ہے۔

عرق النساء کا علاج

یہ درد بہت تکلیف دہ ہوتا ہے۔ یہ کمر سے شروع ہو کر پاؤں کے ٹخنہ تک ہوتا ہے بعض مریضوں کو ہفتوں تک، بعض کو مہینوں تک اور بعض کو برسوں تک رہتا ہے اس مرض سے نجات حاصل کرنے کی غرض سے چاہیئے کہ کسی نابالغہ کے ہاتھوں کا کاتا ہوا سُوت لے اور پھر غسل کرنے کے بعد یہ آیت مبارک پڑھے،

وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ
مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا
كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ
لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ۔

پڑھنے کے بعد گرہ لگائے اسی طرح سات مرتبہ پڑھ کر سات گرہ لگائے اور مریض کے بائیں ہاتھ پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد مریض کو شفا ہو جائے گی۔

بُلند مرتبہ کا حصُول

جو کوئی یہ چاہے کہ وہ چشمِ خلائق میں مقبول ومعزز ہو جائے جہاں بھی جائے اس کی عزت افزائی ہو کسی علاقہ کی حکمرانی یا کسی مخصوص عہدہ ومقام پر فائز ہونے کے لیے کوشش کرے تو اس میں بفضل باری تعالیٰ کامیابی حاصل ہو تو اسے چاہیے کہ وہ باوضو حالت میں مُشک وزعفران سے ساعتِ زہرہ میں مندرجہ ذیل نقش مبارک لکھے،

۷۸۶

فسیکفیکھم	اللہ وھو	السمیع	العلیم
العلیم	السمیع	اللہ وھو	فسیکفیکھم
اللہ وھو	فسیکفیکھم	العلیم	السمیع
السمیع	العلیم	فسیکفیکھم	اللہ وھو

اس نقش کو اپنی ٹوپی میں رکھے اس کے علاوہ ہر نماز کی ادائیگی کے بعد گیارہ مرتبہ یہ آیت مبارک پڑھنے کا معمول بنالے

فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے جس بھی اچھے کام میں کوشش کرے گا کامیابی حاصل کرے گا چشمِ خلائق میں عزیز ومحترم ہو گا اس کی

بات معتبر سمجھی جائے گی۔ اللہ تعالیٰ کسی کا محتاج نہ رکھے گا محتاجی دور ہو جائے گی۔

تسخیرِ خلائق کے لیے

جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ لوگوں کے قلوب اس کے لیے مسخر ہو جائیں وہ جو بھی بات کرے لوگ بڑی توجہ اور شوق سے سُنیں اور اس کی اچھی شہرت ہر خاص و عام میں پھیل جائے تو اُسے چاہیے کہ وہ چاند کے مہینہ کے عروج میں موافق نظرِ سعد جبکہ چاند نحوست سے بری ہو باوضو حالت میں یہ نقشِ پاک لکھے۔

۷۸۶

۲۱۳	۲۲۷	۲۲۴	۲۳۱
۲۲۵	۲۲۰	۲۱۴	۲۲۶
۲۱۹	۲۲۲	۲۲۹	۲۱۵
۲۲۸	۲۱۶	۲۱۸	۲۲۳

لکھنے کے بعد اپنی نگاہوں کے سامنے اور مندرجہ ذیل آیت مبارکہ ۲۱۵۱ مرتبہ پڑھے،

وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ؕ

اکتالیس یوم تک بلا ناغہ یہ عمل کرے اور ہر روز ایک نیا نقش لکھ کر اپنے سامنے رکھ لیا کرے جب چلہ ختم ہو جائے تو تمام نقوش دریا میں ڈال دے۔ اس عمل کے لیے چاہیے کہ پڑھنے کی جگہ اور وقت ضرور ایک ہی مقرر کرے اور اس بات کا خاص طور پر دھیان رکھے کہ اس میں فرق نہ پڑے۔ چلہ ختم ہو جانے کے بعد چاہیئے کہ مذکورہ بالا آیۃ مبارکہ روزانہ بلا ناغہ اس طرح سے ایک سو ایک مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لے کہ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ دُرود پاک پڑھے۔ اس میں کبھی ناغہ نہ کرے تاکہ عمل قائم رہے۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ مخلوق خدا کا ہجوم ہو گا اور عجیب و غریب کرشمے دیکھے گا۔ ہر کوئی اس کی طرف کھینچا چلا آئے گا اور مخلوقِ خدا کے دلوں میں اس کی محبت پیدا ہو جائے گی۔

خیر و برکت کا حصُول

جو کوئی یہ چاہے کہ اُس کے ہاں کبھی بھی روپے پیسے کی کمی نہ ہو رزق میں اضافہ ہو اس کی رزق حلال کی آمدنی میں خیر و برکت پیدا ہو جائے تو اسے چاہیے کہ جب بھی کبھی کسی سے روپیہ پیسہ وغیرہ لے تو بسم اللہ پڑھ کر لے اور جب کسی کو روپیہ پیسہ دے تو دیتے وقت اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ پڑھے۔ ہمیشہ اس عمل کی پابندی رکھے انشاء اللہ تعالیٰ بہت فائدہ ہو گا کبھی

روپے پیسے کی کمی نہ آئے گی۔

دفینہ معلوم کرنا

اگر کسی جگہ پر دفینہ ہو اور یہ پتہ نہ چلتا ہو کہ کس مقام پر ہے تو چاہیے کہ باوضو حالت میں ایک مصلے پر قبلہ رُخ ہو کر بیٹھے اور ذیل میں دیا ہوا نقش پاک سیاہ روشنائی کے ساتھ نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ ایک سفید کاغذ پر لکھے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

واذ یرفع ابراھیم القواعد	من البیت واسمٰعیل ربنا	تقبل منا انک انت	السمیع العلیم
تقبل منا انک انت	السمیع العلیم	واذ یرفع ابراھیم القواعد	من البیت واسمٰعیل ربنا
السمیع العلیم	تقبل منا انک انت	من البیت واسمٰعیل ربنا	واذ یرفع ابراھیم القواعد
من البیت واسمٰعیل ربنا	واذ یرفع ابراھیم القواعد	السمیع العلیم	تقبل منا انک انت


یہ نقش مبارک لکھنے کے بعد سفید رنگ کے مرغ کی گردن میں باندھ کر چھوڑ دے انشاء اللہ تعالیٰ وہ مرغ اُس جگہ پر جا کر کھڑا ہو جائے گا جس جگہ پر دفینہ ہوگا۔ دفینہ معلوم کرنے کا ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ عامل اس نقش کو لکھنے کے بعد باوضو حالت میں نمازِ عشاء کی ادائیگی کے بعد بستر پر لیٹے اور نقش مبارک اپنے سر کے نیچے رکھ لے

اگر اسے اس وقت نیند آجائے اور وہ سو جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ اسے خواب میں دفینہ کی صحیح جگہ دکھا دی جائے گی اور اسے مطلوبہ مقصد میں ضرور کامیابی ہوگی۔

چوری شُدہ مال کی بازیابی

اگر کسی کے گھر میں چوری ہو گئی ہو اور چور بہت سا مال و سامان چُرا لے گئے ہوں یا کسی کا ملازم دکان یا فیکٹری سے مال وغیرہ چوری کر کے بھاگ گیا ہو اور کچھ معلوم نہ ہوتا ہو کہ وہ کہاں پر ہے تو چوری شدہ مال کی جلد واپسی کے لیے جو کوئی یہ چاہے کہ اس کا مال اسے صحیح اور بحفاظت واپس مل جائے تو وہ مندرجہ ذیل نقش مبارک باوضو حالت میں لکھے۔

نقش مبارک آئندہ صفحہ پر ہے۔



کسی کامل عامل کو چاہیئے کہ وہ اس نقش کو لکھے اور جس کی چوری ہوگئی ہو اس کو دے کر وہ اسے پتھر کے نیچے دبا کر رکھ دے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد چوری شدہ مال واپس مل جائے گا اور سارا نقصان پورا ہو جائے گا اس مقصد کے لیے یہ نہایت مجرب و آزمودہ عمل ہے۔

حاکم کی قُربت حاصل کرنا

جو کوئی یہ چاہے کہ اسے حاکم کی قُربت حاصل ہو جائے حاکم وقت اس کے ساتھ مہربانی اور توجہ سے پیش آئے تو اسے چاہیے کہ وہ روزانہ باوضو حالت میں اسّی مرتبہ یہ آیتہ مبارکہ پڑھے،

وَاِلٰھُکُمْ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ٥

چالیس یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے روزانہ پڑھنے کے بعد بارگاہِ الٰہی میں اپنے مقصد کے حصول کے لیے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ اسے بہت جلد اپنے مقصد میں کامیابی ہوگی اور حسبِ منشاء اپنی مُراد حاصل کرے گا۔

برائے حُب

جو کوئی مطلوب کو اپنی محبت میں وارفتہ بنانے کا خواہاں ہو یا اگر میاں اپنی بیوی سے محبت نہ کرتا ہو یا بیوی اپنے خاوند سے محبت نہ کرتی ہو تو ان کے مابین محبت پیدا کرنے کی غرض سے چاہیے کہ باوضو حالت میں خوشبودار پھول لے کر اس پر سات مرتبہ یہ آیتہ مبارکہ پڑھ کر دم کرے۔


ختم اللہ علیٰ قلوبھم وعلیٰ سمعھم وعلیٰ

ابصارھم غشاوۃ ولھم عذاب عظیم۔

آیت مبارکہ پڑھنے سے پہلے یہ الفاظ کہے، مطلوب در محبت دیوانہ شود فلاں بن فلاں علی حُبّ فلاں بن فلاں بحق۔ فلاں بن فلاں کی بجائے اپنا اور اپنی والدہ کا نام اور مطلوب اور اس کی والدہ کا نام لے۔ پھر یہ دم کیا پھول مطلوب کو سونگھائے اگر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے مطلوب کو کھلا دے تو تب بھی مطلوب بمقصد میں کامیابی ہوگی اور مطلوب اس کی محبت میں دیوانہ ہوگا۔

بھاگا ہوا واپس آئے

اگر کوئی گھر سے بھاگ گیا ہو اور اس کی واپسی نہ ہوتی ہو اور نہ ہی اس کے بارے میں کچھ پتہ چلتا ہو کہ وہ کہاں پر ہے تو مندرجہ ذیل نقش مُبارک باوضو حالت میں عرق گلاب اور زعفران سے ایک سفید کاغذ پر لکھے۔



نقش میں فلاں بن فلاں کی جگہ بھاگے ہوئے اور اس کی والدہ کا نام لکھے اس کے بعد یہ نقش دیوار میں لوہے کی کیل سے لگا دے انشاءاللہ تعالیٰ بہت جلد بھاگا ہوا واپس آجائے گا۔

فالج کا علاج

اگر کسی کو فالج کا عارضہ لاحق ہو گیا ہو اور علاج کروانے کے باوجود افاقہ نہ ہوتا ہو تو چاہیے کہ چاندی کی ایک پلیٹ پر مشک و زعفران و گلاب سے باوضو حالت میں یہ آیتہ مبارکہ لکھے۔

قد نریٰ تقلّب وجھک فی السمآء فلنولینّک قبلۃ ترضٰھا سے عما تعلمون تک۔

اس کے بعد صاف تازہ پانی سے دھو کر اپنے چہرے پر ملے اور اس پلیٹ میں آئینہ کی مانند اپنا چہرہ دیکھے اور اس نقش کو لکھ کر اپنے گلے میں ڈالے۔

نقش مبارک آئندہ صفحہ پر ہے۔

۷۸۶

۲۵	۲۴	۲۳	۱۱	۱	۸۰	۳۹	۵۸	۴۷
۳۲	۳۴	۲۳	۲۳	۱۱	۶	۷۹	۳۸	۵۷
۵۷	۵۴	۴۳	۳۲	۲۱	۱۰	۸	۷۸	۲۷
۲۲	۵۵	۵۳	۴۲	۳۱	۱۰	۱۸	۷	۷۷
۷۲	۲۵	۱۳	۵۲	۴۱	۳۰	۱۹	۱۷	۱۲
۵	۷۵	۱۴	۸۲	۵۱	۴۰	۳۱	۲۷	۱۲
۱۵	۴	۷۴	۷۲	۲۱	۷۰	۳۹	۲۸	۱۲
۱۵	۴	۷۳	۳	۷۱	۵۰	۴۹	۳۸	۳۷
۳۵	۲۴	۱۳	۲	۱۱	۷	۵۹	۴۸	۳۷

انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد مرض میں افاقہ ہوگا اور اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا۔

تسخیر مطلوب کیلئے

جو کوئی مطلوب کے قلب کو تسخیر کرنے کا خواہاں ہو مطلوب کے دل میں اپنی محبت پیدا کرنا چاہتا ہو تو چاہیے کہ کسی سے باوضو حالت میں چاندی کی انگوٹھی پر یہ آیتہ مبارکہ کندہ کروائے۔

وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝

پھر یہ انگوٹھی باطہارت پہنے انشاء اللہ تعالیٰ مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی تالیف قلوب کے لیے یہ مجرب و آزمودہ ہے۔

حاکم کا غصہ دُور کرنا

اگر حاکم وقت یا کوئی بھی بااثر شخص کسی سے اس حد تک ناراض ہو گیا ہو کر خدشہ ہے کہ نقصان نہ پہنچائے کسی بھی طرح حاکم کا غصہ ختم نہ ہوتا ہو تو اس کے غصہ کو دور کرنے کی غرض سے چاہیے کہ ایک سفید کاغذ پر یہ آیت مبارکہ لکھے،

ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ اَوْ اَشَدُّ قَسْوَةً ؕ وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ ؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ ؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ

(آیت ۷۴)

آیتہ مبارکہ لکھنے کے بعد اس کے نیچے حاکم اور اس کی والدہ کا نام بھی لکھے لکھنے کے بعد اس کو تعویذ کی شکل میں لپیٹ کر تہہ کرے اور پہاڑ کی چوٹی پر دفن کر دے اس کے بعد حاکم کے پاس جائے انشاء اللہ تعالیٰ حاکم کا غصہ رفع ہو جائے گا اور وہ نرمی کے ساتھ پیش آئے گا کسی قسم کی زیادتی نہ کرے گا۔

آفات وبلیات سے بچاؤ

جو کوئی یہ چاہے کہ وہ ہر طرح کی آفات وبلیات سے محفوظ رہے تو وہ بُدھ کے دن مریخ کی ساعت میں سورۂ بقرہ کا نقش مبارک باوضو حالت میں ایک سفید کاغذ پر عرق گلاب وزعفران سے قبلہ رُخ ہو کر لکھے لکھتے وقت دارچینی کی دھونی لے۔ نقش مبارک یہ ہے۔

۷۸۶

۲۳۶۹۰۲	۲۳۶۹۰۵	۲۳۶۹۰۸	۲۳۶۸۹۴
۲۳۶۹۰۷	۲۳۶۸۹۵	۲۳۶۹۰۱	۲۳۶۹۰۶
۲۳۶۸۹۶	۲۳۶۹۱۰	۲۳۶۹۰۳	۲۳۶۹۰۰
۲۳۶۹۰۴	۲۳۶۸۹۹	۲۳۶۸۹۷	۲۳۶۹۰۹

لکھنے کے بعد اس نقش کو اپنے بازو پر باندھے جو کوئی کسی عامل اور اہل علم سے یہ نقش لکھوا کر اپنے پاس رکھے تو انشاء اللہ تعالیٰ ہر طرح کی آفات وبلیات سے بچا رہے گا اللہ تعالیٰ اسے اپنی حفظ وامان میں رکھے گا اگر کسی دھات پر اس نقش کو کندہ کر کے باغ یا کھیت میں محفوظ جگہ پر دفن کیا جائے جہاں پر کر دھوپ کی حرارت اس پر پڑتی رہے تو انشاء اللہ تعالیٰ کھیتی کو نقصان نہ پہنچے

گا اور بفضل باری تعالیٰ اس قدر فائدہ حاصل ہو گا کہ عقل دنگ رہ جائے گی۔ یہ نقش مبارک عقیدت ومحبت اور خلوص نیت کے ساتھ اپنے پاس رکھنے سے انسان کسی بھی بڑی بیماری کے حملہ سے محفوظ رہتا ہے۔

افلاس کا خاتمہ

جو کوئی غربت وافلاس میں مبتلا ہو اور چاہتا ہو کہ اس کے مالی حالات اچھے ہو جائیں تو اُسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ یہ آیۃ مبارکہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے،

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ٥

اپنے مقصد میں کامیابی کی دُعا مانگے علاوہ ازیں مندرجہ ذیل نقش مبارک عرق گلاب وزعفران سے لکھے یہ نقش مبارک اسم حسنیٰ رب کا ہے۔

۷۸۶

۶۶	۷۲	۶۴
۶۵	۶۷	۷۰
۷۱	۶۳	۶۸

لکھنے کے بعد یہ نقش اپنے پاس رکھے اِنشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد

غربت و افلاس کا خاتمہ ہو جائے گا۔

رزق میں کشادگی

اگر کسی کے رزق میں کمی واقع ہو گئی ہو اچھا بھلا چلتا ہوا کاروبار مندے کا شکار ہو گیا ہو رزق میں فراخی نہ ہوتی ہو تو اُسے چاہیئے کہ وہ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد قبلہ رُخ بیٹھ کر تین سو مرتبہ یہ پڑھے، اِنَّ اللّٰہَ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ ۔

پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے اپنے رزق میں اضافہ کے لیے دُعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ دُعا قبول ہوگی اس کے علاوہ پروردگار عالم کے اسم حسنیٰ وَاسِعُ کا عددی نقش مبارک لکھ کر اپنی دکان یا کاروبار کی جگہ پر دیوار کے اوپر چسپاں کرے۔

۷۸۶

۲۹	۴۰	۴۲	۲۶
۳۵	۳۲	۲۱	۳۸
۳۰	۳۷	۳۶	۳۴
۴۳	۲۷	۲۸	۳۹

روزانہ نماز فجر کے بعد سورۂ البقرہ کی مذکورہ بالا آیتہ مبارکہ کو تین سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لینے سے اِنشاء اللہ تعالیٰ رزق میں

کشادگی ہوگی اگر ہر نماز کے بعد اسی طرح پڑھنے پر مداومت رکھے تو انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔

امراضِ چشم کیلئے

جس کسی کی آنکھوں سے بلا وجہ پانی بہتا ہو اور بعض اوقات بہت زیادہ پانی بہتا ہو تو اُسے چاہیئے کہ وہ باوضو حالت میں گیارہ سو مرتبہ یہ آیتہ مبارکہ پڑھے،

اِنَّ اللّٰہَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ ۔

اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درُود پاک پڑھے اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے کہ اللہ تعالیٰ اُسے شفائے کاملہ نصیب فرمائے، اس کے بعد مندرجہ ذیل نقش مبارک عرق گلاب و زعفران سے نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ لکھے،

۷۸۶

۷۱	۸۱	۸۲	۶۸
۷۶	۷۴	۷۳	۷۹
۷۲	۷۸	۷۷	۷۵
۸۳	۶۹	۷۰	۸۰

اس نقش کو تعویز کی طرح بنا کر اپنے دائیں بازو پر باندھے

انشاء اللہ تعالیٰ آنکھوں سے بلاوجہ بہنے والا پانی رُک جائے گا پروردگارِ عالم اپنے فضل و کرم اور سورۂ بقرہ کی برکت سے شفائے کاملہ سے نوازے گا مگر چاہیئے کہ اس آیۃ مبارکہ کو اکثر ہر نماز کے بعد بکثرت پڑھنے کا معمول بنالے۔

دشمن کے شر سے بچاؤ

جو کوئی دشمن سے خوفزدہ رہتا ہو اور چاہتا ہو کہ دشمن کے شر سے محفوظ رہے وہ اسے کسی قسم کا نقصان نہ پہنچائے تو اسے چاہیے کہ وہ روزانہ ہر فرض نماز کے بعد انیس مرتبہ یہ آیۃ مبارکہ پڑھ لیا کرے۔

وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ

پڑھنے کے بعد بارگاہِ الٰہی میں دشمن کے شر سے بچاؤ کی دُعا مانگے اس کے علاوہ مندرجہ ذیل نقش مبارک شرفِ شمس میں لکھ کر اپنے پاس رکھے۔

۷۸۶

۴	۸	۱	۶
۱	۶	۴	۸
۶	۱	۸	۴
۸	۴	۶	۱

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے دشمن نقصان نہ پہنچا سکے گا ہر طرح کے مخالفین کو ناکامی ہوگی پروردگارِ عالم اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔ اگر کسی مصیبت میں مبتلا ہے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس سے بھی نجات حاصل ہوجائے گی۔

گناہوں سے نفرت

جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کے دل میں گناہوں سے نفرت پیدا ہوجائے اگر کبھی کسی گناہ میں ملوث ہونے لگے تو پروردگارِ عالم اس کی حفاظت فرمائے اس کے دل میں گناہوں سے نفرت کا جذبہ اس قدر شدید پیدا ہوجائے کہ وہ گناہ کے قریب بھی نہ پھٹکے اور نیکی کے کاموں کی رغبت کرے تو اُسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد چار سو نو مرتبہ سورۂ بقرہ کی یہ آیت مبارکہ پڑھ کر بارگاہِ الٰہی میں دُعا مانگا کرے۔ آیۃ مبارکہ یہ ہے۔

اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ

اس کے علاوہ مندرجہ ذیل نقش مبارک باوضو حالت میں نمازِ فجر کے بعد سورج نکلنے سے قبل لکھ کر تعویز کی طرح اپنے گلے میں ڈال لے۔

نقش مبارک آئندہ صفحہ پر ہے۔

۷۸۶

۹۴	۱۱۰	۱۰۸	۹۷
۱۰۶	۹۹	۱۰۱	۱۰۳
۱۰۲	۱۰۴	۱۰۵	۹۸
۱۰۷	۹۶	۹۵	۱۱۱

سورۂ بقرہ کی اس آیتہ مبارکہ کو ہر نماز کے بعد مذکورہ مقررہ تعداد کے مطابق پڑھنے کا معمول بنانے والا جس بھی غلط کار شخص کی طرف اس نیت سے نگاہ کرے گا کہ وہ راہ راست پر آجائے تو انشاءاللہ تعالیٰ اس کے قلب پر بھی اثر ہوگا اور اس کے دل میں بھی برائیوں سے نفرت کا جذبہ پیدا ہو جائے گا۔

دیوانگی دُور ہو

اگر کسی کو پاگل پن کے دورے پڑتے ہوں دماغی حالت اکثر و بیشتر بگڑ جاتی ہو کافی علاج معالجہ کروا چکا ہو مگر کسی بھی طرح مرض میں افاقہ نہ ہوتا ہو تو چاہیے کہ باوضو حالت میں عرق گلاب، خالص شہد اور زعفران سے مندرجہ ذیل آیتہ مبارکہ اور نقش پاک اس طرح سے لکھے۔

فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ۔

۷۸۶

۳۰	۴۴	۴۳	۳۳
۴۱	۳۵	۳۶	۳۸
۳۷	۳۹	۴۰	۳۴
۴۲	۳۲	۳۱	۴۵

لکھنے کے بعد صاف اور تازہ پانی سے دھو کر مریض کو پلایا جائے چالیس یوم تک بلا ناغہ روزانہ یہ عمل کیا جائے انشاءاللہ تعالیٰ مریض کو صحت یابی ہوگی اُس کو پاگل پن کے دورے پڑنا بند ہو جائیں گے بفضل باری تعالیٰ دیوانہ پن ختم ہو جائے گا چالیس یوم کے اندر اندر ہی مریض کو افاقہ ہوتا ہوا دکھائی دینا شروع ہو جائے گا چاہیے کہ مریض کو چالیس یوم کے بعد بھی اسی طرح لکھ کر دھو کر پانی پلانے کا معمول جاری رکھا جائے تاکہ بفضلِ باری تعالیٰ مکمل طور پر شفائے کاملہ حاصل ہو جائے۔

چشمِ خلائق میں معزز ہونا

جو کوئی یہ چاہے کہ وہ چشم خلائق میں معزز و محترم ہو جائے جہاں بھی جائے لوگ اس کی عزت کریں تو اُسے چاہیے کہ وہ ہر روز

نماز عشاء کے بعد ایک سو گیارہ مرتبہ سورۂ بقرہ کی یہ آیت مبارکہ پڑھنے کا معمول بنا لے۔

اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ۔

پڑھنے کے بعد بارگاہِ الٰہی میں اپنے مقصد کے حصول میں کامیابی کے لیے دُعا مانگے اس کے علاوہ ذیل میں دیا ہوا نقش مُبارک باوضو حالت میں لکھ کر اپنی ٹوپی یا پگڑی میں رکھے۔

۷۸۶

۱۹	۲۹	۳۰	۱۶
۲۴	۲۲	۲۱	۲۷
۲۰	۲۶	۲۵	۲۳
۳۱	۱۷	۱۸	۲۸

جہاں بھی جائے گا اِنشاء اللہ تعالیٰ لوگوں کے دلوں میں اپنے لیے عزت و احترام پائے گا۔ چشمِ خلائق میں معزز و محترم ہو جائے گا مگر چاہیے کہ یقین کامل اور صدقِ نیت رکھے۔

امراض سے شفاء

اگر کوئی کسی ایسے مرض میں مبتلا ہو کر علاج کروا کر تنگ آ چکا ہو مرض میں معمولی سا افاقہ ہوتا ہو مگر مکمل طور پر آرام نہ آتا ہو تو

چاہیے کہ باوضو حالت میں چینی کی پلیٹ پر مندرجہ ذیل آیت مبارکہ اور نقش مبارک عرقِ گلاب، خالص شہد اور زعفران سے لکھے۔

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ

۷۸۶

۳۱۷	۳۲۷	۳۲۸	۳۱۴
۳۲۲	۳۲۰	۳۱۹	۳۲۵
۳۱۸	۳۲۴	۳۲۳	۳۲۱
۳۲۹	۳۱۵	۳۱۶	۳۲۶

اس کے بعد صاف پانی سے دھو کر مریض کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ مریض کو فائدہ ہو گا روزانہ بلاناغہ چالیس یوم تک یہ عمل کرے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مریض کو شفائے کاملہ حاصل ہو گی مرض دور ہو جائے گا اللہ تعالیٰ اپنا خصوصی فضل و کرم نازل فرمائے گا۔

دِلی حاجت پُوری ہو

اگر کسی کے دل میں کوئی ایسی حاجت ہو جس کو وہ کسی سے بیان نہ کرنا چاہتا ہو مگر اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کی دلی حاجت پوری ہو جائے اور جلد سے جلد پوری ہو جائے تو اسے چاہیے

کہ وہ ہر نماز کے بعد بکثرت یہ آیتہ مبارکہ پڑھا کرے۔

اِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۔

اس کے علاوہ مندرجہ ذیل نقش پاک لکھ کر اپنے پاس رکھے،

۷۸۶

۶۰	۷۰	۷۱	۵۷
۶۵	۶۳	۶۲	۶۸
۶۱	۶۷	۶۶	۶۴
۷۲	۵۸	۵۹	۶۹

ہر نماز کے بعد بکثرت پڑھے تو پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت روائی کے لیے دُعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بارگاہِ الٰہی میں اس کی دُعا قبول ہوگی اللہ تعالیٰ اس کی دلی حاجت کو پورا فرمائے گا اور اسے سکونِ قلبی سے نوازے گا۔

حادثہ سے بچاؤ

جو کوئی یہ چاہے کہ وہ کسی ناگہانی آفت اور حادثے سے محفوظ رہے کسی طرح کا حادثہ اُسے پیش نہ آئے تو اُسے چاہیئے کہ وہ ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ سورۂ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیتہ مبارکہ پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگ لیا کرے۔

یَا حَفِیْظُ یَا سَلَامُ یُرِیْدُ اللّٰہُ بِکُمُ الْیُسْرَ
وَلَا یُرِیْدُ بِکُمُ الْعُسْرَ ۔ (آیت ۱۷۸)

اس کے علاوہ مندرجہ ذیل نقش مبارک نیک ساعت میں لکھ کر اپنے بازو پر باندھ لے،

۷۸۶

۲۴۵	۲۵۵	۲۵۶	۲۴۲
۲۵۰	۲۴۸	۲۴۷	۲۵۳
۲۴۶	۲۵۲	۲۵۱	۲۴۹
۲۵۷	۲۴۳	۲۴۴	۲۵۴

انشاء اللہ تعالیٰ ہر طرح کے حادثات سے بچا رہے گا اللہ تعالیٰ اپنی حفظ و امان میں رکھے گا کسی بھی ناگہانی آفت و مصیبت کا سامنا نہ کرنا پڑے گا۔

مشکل آسان ہو جائے

اگر کسی کو کوئی ایسا کام درپیش ہو کہ جس کے ہونے میں مشکل پیدا ہوگئی ہو اور وہ چاہتا ہو کہ مشکل آسان ہو جائے اور کام اس کے حسبِ منشاء ہو جائے تو اسے چاہیے کہ اس کام کے کرنے سے قبل باوضو حالت میں قبلہ رُخ ہو کر بیٹھے اور نہایت توجہ و یکسوئی

کے ساتھ سورۂ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیۃ مبارکہ تین سو تیرہ مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے مشکل کے حل کے لیے دُعا مانگے، آیۃ مبارکہ یہ ہے۔

وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ۔ (آیت ۲۲۴)

اس کے بعد ایک سفید کاغذ پر یہ نقش پاک لکھے،

۷۸۶

۳۷	۵۲	۵۱	۴۰
۴۹	۴۲	۴۳	۴۶
۴۴	۴۷	۴۸	۴۱
۵۰	۳۹	۳۸	۵۳

لکھنے کے بعد اس نقش کو اپنے بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ جو بھی مشکل ہوگی وہ آسان ہو جائے گی اللہ تعالیٰ اپنا خصوصی فضل و کرم نازل فرمائے گا اپنے اسمائے حسنیٰ کی برکت کے طفیل مشکل کو رفع فرمائے گا اور کام حسب منشا ہو جائے گا۔

کسی کو اپنے تابع کرنا

جو کوئی یہ چاہے کہ لوگ اس کے تابع فرمان ہو جائیں وہ جو حکم دے تو اس کو فوری طور پر بجا لائیں تو اسے چاہیے کہ غسل کرکے

روزہ رکھے اور یہ عمل چاند کے مہینے کے پہلے پنجشنبہ کے دن کرے پھر سبزی، جَو کی روٹی اور شکر سے روزہ افطار کرے نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں سو جائے نصف شب کے وقت اُٹھے اور غسل کرے اور قبلہ کی طرف منہ کرکے تیس مرتبہ سورۂ بقرہ کی یہ آیات مبارکہ پڑھے،

وَإِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ إِنِّيْ جَاعِلٌ فِي
الْأَرْضِ خَلِيْفَةً ۖ قَالُوْٓا أَتَجْعَلُ فِيْهَا مَنْ
يُّفْسِدُ فِيْهَا وَيَسْفِكُ الدِّمَآءَ وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ
وَنُقَدِّسُ لَكَ ۖ قَالَ إِنِّيْٓ أَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝
وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْأَسْمَآءَ كُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى
الْمَلٰٓئِكَةِ فَقَالَ أَنْۢبِئُوْنِيْ بِأَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ إِنْ
كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ
إِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ۖ إِنَّكَ أَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۝

ان آیات مبارکہ کو پڑھنے کے بعد نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ یہ کلمات کہے،

أَيَّتُهَا الْأَرْوَاحُ الطَّائِفَةُ الْوَاصِلُ التَّقْدِيْرُ
الْمُوَكَّلُوْنَ بِهٰذِهِ الْاٰيَاتِ الْمُطِيْعُوْنَ بِسِرِّهَا
الْمُوْدَعِ فِيْهَا أَجِيْبُوا الدَّعْوَةَ وَأَفِيْضُوْا بَرَكَةَ
رُوْحَانِيَّتِكُمْ عَنِّيْ فِيْهَا حَتّٰى أَنْطِقَ بِهَا

مَا خَفِيَ وَاَخْبَرَ لَكَانَ صِدْقًا وَامِيْلُوْا
اِلَيَّ وُجُوْهَ بَنِيْ اٰدَمَ وَبَنَاتِ حَوَّآءَ وَاَحِلُّوْا
اِلَى قُلُوْبِهِمْ رُعْبًا وَّرَهْبًا ۝

اس کے بعد سورۂ بقرہ کی مذکورہ آیات مبارکہ شیشے کے پیالے میں مشک و زعفران سے لکھے اور اس کو عرق گلاب سے دھو کر پی لے پھر سو جائے۔ اسی طرح پانچ یوم یا سات یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے ساتویں شب کو مذکورہ آیات ستر مرتبہ پڑھے اور چالیس مرتبہ مذکورہ بالا کلمات کہے۔ یاد رہے کہ یہ عمل خالی گھر میں کرے جہاں پر کسی کی مداخلت کا امکان نہ ہو عمل کے دوران اور عمل کرنے کے بعد کسی سے کوئی کلام نہ کرے۔ عمل مکمل ہوتے ہی سو جایا کرے۔ عمل کرنے سے پہلے اس جگہ پر عود کی دھونی دے اور عود جلا کر رکھے انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں اس کو اپنے کام کی خوشخبری مل جائے گی جس مقصد کے لیے عمل کیا ہے انشاء اللہ تعالیٰ اس میں کامیابی ہوگی لوگ اس کے تابع فرماں ہو جائیں گے مگر چاہیے کہ یہ عمل یقین کامل اور خلوص نیت کے ساتھ کیا جائے۔

تشنگی دور ہو جائے

اگر کسی پر تشنگی نے غلبہ پا لیا ہو کسی بھی طرح تشنگی کم

نہ ہوتی ہو تو چاہیے کہ چینی کی پاک صاف پلیٹ پر باوضو حالت میں سورۂ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ لکھے۔


وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ
بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ط فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ
عَيْنًا ط قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ كُلُوْا وَ
اشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ ط وَلَا تَعْثَوْا فِي
الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ۝

لکھنے کے بعد بارش کے پانی سے دھوئے اور اس پانی سے چاول پکائے یا آٹا گوندھ کر روٹی پکا کر صبح و شام کھائے انشاء اللہ تعالیٰ تشنگی دور ہو جائے گی اللہ تعالیٰ اس زحمت سے شفاء عطا فرمائے گا۔

مرض نسیان کیلئے

جو کوئی مرض نسیان میں مبتلا ہو کوئی بھی بات زیادہ دیر تک یاد نہ رکھ سکتا ہو حافظہ بہت زیادہ کمزور ہو تو اس کے لیے دارمی نے روایت کی ہے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہ جو کوئی رات کو سونے سے قبل سورۂ بقرہ کی سات آیات مبارکہ چار پہلی اور آیۃ الکرسی

خالد دن تک اور تین آخری آیات مبارکہ پڑھ لے تو اس کو کبھی قرآن مجید نہیں بھولے گا۔ تجربہ سے ثابت ہے کہ حافظے کی مضبوطی اور مرض نسیان سے شفاء حاصل ہو جاتی ہے۔



قرآنی سورتوں سے مشکلات کا حل

اسم اعظم سے مشکلات کا حل

اسماء الحسنیٰ سے مشکلات کا حل

اعجاز قرآنی سے مشکلات کا حل

سورۃ رحمٰن سے مشکلات کا حل

درود شریف سے مشکلات کا حل

سورۃ یٰسین سے مشکلات کا حل

سورۃ فاتحہ سے مشکلات کا حل

کلمہ طیبہ سے مشکلات کا حل

چہار قل سے مشکلات کا حل

سورۃ مزمل سے مشکلات کا حل

آیۃ الکرسی سے مشکلات کا حل

حسبنا اللہ سے مشکلات کا حل

سورۃ بقرہ سے مشکلات کا حل

نماز سے مشکلات کا حل

آیۃ الکریمہ سے مشکلات کا حل

نورانی دعاؤں سے مشکلات کا حل

اسم اعظم مع پرتاثیر دعائیں

بسم اللہ سے مشکلات کا حل

آپ کی مشکلات کا حل

۱ اللہ مشکل کشاء
۲ تحفۂ مشکل کشاء
۳ بسم اللہ سے مشکلات کا حل
۴ کلمہ طیبہ سے مشکلات کا حل
۵ آیتہ کریمہ سے مشکلات کا حل
۶ آیتہ الکرسی سے مشکلات کا حل
۷ چہار قل سے مشکلات کا حل
۸ سورہ یوسف سے مشکلات کا حل
۹ حسبنا اللہ سے مشکلات کا حل

مشتاق بک کارنر
الکریم مارکیٹ، اردو بازار، لاہور